آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 34 | بروز بدھ 28 ستمبر 2022ء بمطابق یکم ربیع الاول 1444ھ | شمارہ نمبر 227

بلوچستان کے سیاحتی مقامات دنیا بھر کے سیاحوں کے لئے کشش کا باعث ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

دنیا بھر میں سیاحت ایک صنعت کا درجہ اختیار کر چکی ہے اور ہمیں بھی سیاحت کے فروغ اور صوبے کے سیاحتی مقامات کو بھرپور انداز سے اجاگر کرنے کی ضرورت ہے

صوبے کے سنگلاخ پہاڑوں اور ساحلوں میں بے پناہ خوبصورت سیاحتی مقامات موجود ہیں بلوچستان کا ہنگول نیشنل پارک جو نہ صرف صوبے کیلئے خوبصورتی کی علامت ہے

سیاحوں کو صوبہ کی جانب راغب کرنے کے لیے محکمہ سیاحت کی جانب سے مختلف اقدامات بھی اٹھائے جا رہے ہیں تاکہ یہ اہم شعبہ بھی صوبہ کی معیشت میں اپنا کردار ادا کر سکے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (ن ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ بلوچستان کے سیاحتی مقامات دنیا بھر کے سیاحوں کے لئے کشش کا باعث ہیں صوبہ نہ صرف قدرتی حسن رکھتا ہے بلکہ یہاں قدیم تہذیبوں اور تاریخی عمارتوں کے آثار بھی ملتے ہیں عالمی یوم سیاحت کی مناسبت سے اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ دنیا بھر میں سیاحت ایک صنعت کا درجہ اختیار کر چکی ہے اور ہمیں بھی سیاحت کے فروغ اور صوبے کے سیاحتی مقامات کو بھرپور انداز سے اجاگر کرنے کی ضرورت ہے صوبے کے سنگلاخ پہاڑوں اور ساحلوں میں بے پناہ خوبصورت سیاحتی مقامات موجود ہیں بلوچستان کا ہنگول نیشنل پارک جو

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:45
ظہر	1:45
عصر	5:00
مغرب	6:30
عشاء	07:30
اہل تشیع فجر صبح	05:15
ظہرین	01:00
مغربین	7:00

اسلام آباد وزیراعظم شہباز شریف و دیگر وزراء ملاقات کر رہے ہیں

ملک میں پہاڑ جیسا چیلنج ہم اکیلے حل نہیں کر سکتے، وزیراعظم

سیلاب نے ملک میں بڑی تباہی مچائی ہے، کئی علاقوں میں پل بہہ گئے سڑکیں تباہ ہوگئیں، اس مشکل وقت میں ہمیں سیاست کرنے کے بجائے آگے بڑھ کر سیلاب متاثرین کی مدد کرنی چاہیے

ہمیں سیاسیت اور سیاسی پوائنٹ اسکورنگ سے پرہیز کرنا چاہیے، جلسے جلوسوں میں سیاست کرنے اور دکھی انسانوں کی خدمت نہ کرنا اس سے بڑی زیادتی اور ظلم کوئی نہیں ہوسکتا

سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کے بجائے ہر کسی کو سیلاب متاثرین کی مدد کرنی چاہیے، دنیا کو ہمارے ساتھ کھڑا ہونا پڑیگا، خیمہ بستی میں قائم اسکول میں زیر تعلیم بچیوں اور میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ سیلاب کے بعد اس مشکل وقت میں متاثرین کی مدد نہ کرنا میری نظر میں اس سے بڑی زیادتی اور ظلم کوئی نہیں ہوسکتا، ہمیں جلسے اور جلوس کرنے کے بجائے متاثرین کی مدد کرنی چاہیے، سیاسی پوائنٹ اسکورنگ سے پرہیز کرنا چاہیے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے دادو میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا اور خیمہ بستی میں قائم اسکول میں زیر تعلیم بچیوں سے گفتگو کی۔ انہوں نے متاثرہ گاؤں جھاکرو میں سیلاب زدگان سے ملاقات اور میڈیکل کیمپ کا دورہ بھی کیا۔ بعد ازاں شہباز شریف نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سیلاب نے ملک میں بڑی تباہی مچائی ہے، کئی علاقوں میں پل بہہ گئے سڑکیں تباہ ہوگئیں، اس مشکل وقت میں ہمیں سیاست کرنے کے بجائے آگے بڑھ کر سیلاب متاثرین کی مدد کرنی

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

پارلیمانی سیکرٹری سلیمان جاوید آڈیٹر جنرل آف پاکستان کا آڈٹ رپورٹ برائے سال 22-2021 پر حیات حکومت بلوچستان ایوان میں پیش کر رہے ہیں

صوبائی حکومت بھی سیاحوں کو مکمل تحفظ فراہم کرے گی، ضیاء اللہ لانگو

ہماری بھی یہ کوشش ہے کہ ہم سیاحت کو فروغ دے کر صوبہ کی معیشت کو مستحکم بنائیں، صوبائی مشیر

کوئٹہ (ن ن) صوبائی مشیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے عالمی یوم سیاحت کی مناسبت سے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ اس دن کو منانے کا مقصد دنیا بھر میں سیاحت کو فروغ دینا ہے ہمارا ملک اور بالخصوص بلوچستان بے پناہ دلکش قدرتی مناظر اور قدیم تہذیبوں کا گہوارہ ہے صوبے کا وسیع و عریض رقبہ

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

وفاقی وزیر مواصلات مولانا اسعد محمود سے آئی جی نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس خالد محمود کی ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات مولانا اسعد محمود سے آئی جی نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس خالد محمود نے ملاقات

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

کوہلو میں لیویز کی کارروائی، حب سے اغوا ہونے والی خاتون دو بچوں سمیت بازیاب، ملزم گرفتار

کوہلو (این این آئی) کوہلو میں لیویز کی کارروائی، حب سے اغوا ہونے والی خاتون دو بچوں سمیت بازیاب ہوگئی۔ لیویز

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

ڈھاڈر کے قریب نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ ایک شخص جاں بحق ساتھی زخمی

بولان (این این آئی) نیو پولیس لائن ڈھاڈر کے قریب نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ ایک شخص جاں بحق ساتھی زخمی ہوگیا۔ تفصیلات

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

پاکستان آرمی اور ایف سی بلوچستان کی کا سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں امدادی کاروائیاں جاری

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان آرمی اور ایف سی بلوچستان کی کا سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں امدادی کاروائیاں

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

پاکستان کا ہندو انتہا پسندوں کے بھارتی ہتھیاروں کو کنٹرول کرنے پر تشویش کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے ہندو انتہا پسندوں کے بھارتی ہتھیاروں کو کنٹرول کرنے پر تشویش کا اظہار کیا

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

ملیریا کے 3600 سے زائد کیسز سمیت مختلف امراض کے 6 ہزار سے زائد کیسز رپورٹ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے سیلاب زدہ علاقوں میں ایک روز کے دوران ملیریا کے 3600 سے زائد کیسز سمیت

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

حکومت نے 2031 تک بجلی کی پیداواری صلاحیت میں 32 ہزار سے 36 ہزار میگاواٹ کے اضافے کا تخمینہ لگایا

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے 2031 تک بجلی کی پیداواری صلاحیت میں 32 ہزار سے 36 ہزار میگاواٹ

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

کرم میں 2 منزلہ مکان منہدم ہونے سے بچوں سمیت 5 افراد جاں بحق

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع کرم میں 2 منزلہ مکان منہدم ہونے سے بچوں سمیت 5 افراد جاں بحق ہوگئے۔ تفصیلات

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

وزیراعظم سے سعودی سفیر کی ملاقات، دوطرفہ تعاون کو مزید مستحکم کرنے کی خواہش کا اظہار

وزیراعظم نے مختلف سطحوں پر باقاعدہ دوطرفہ تبادلوں کی اہمیت پر زور دیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان سعودی عرب کیساتھ مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کے فروغ کا خواہاں ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان میں سعودی عرب کے سفیر نواف سعید المالکی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

ناقص و غیر محفوظ اشیاء خورد و نوش کے تدارک کیلئے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی کوئٹہ شہر سمیت مختلف اضلاع میں کارروائیاں جاری ہیں

کوئٹہ (ن ن) ناقص و غیر محفوظ اشیاء خورد و نوش کے تدارک کیلئے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی کوئٹہ شہر سمیت مختلف اضلاع میں کارروائیاں جاری ہیں۔ اس ضمن میں بی ایف اے ہیڈ کوارٹر اور ڈویژنل فوڈ سیفٹی ٹیموں نے حفظان صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی پر کوئٹہ میں 10، قلات میں 3، قلعہ سیف اللہ میں 2 جبکہ گوادر سٹی میں 3 مراکز پر جرمانے

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

واشنگٹن، وفاقی وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری امریکی میڈیا کے نمائندوں سے خطاب کر رہے ہیں

12 ربیع الاول کا دن صوبے بھر میں شایان شان طریقے منایا جائے گا

اس ضمن میں قومی رحمت العالمین تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا

کوئٹہ (ن ن) حکومت بلوچستان محکمہ مذہبی امور اوقاف کے ایک اعلامیہ کے مطابق 12 ربیع الاول کا دن صوبے بھر میں شایان شان طریقے منایا جائے گا۔ اس ضمن میں قومی رحمت العالمین تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں صوبائی، ڈویژنل اور ضلعی سطح پر سیرت النبی سلی اللہ علیہ وسلم کانفرنس

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

صوبائی مشیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے موٹر سائیکل سوار ملزمان کی فائرنگ سے 3 بھائیوں کی ہلاکت کے واقعہ کا نوٹس لے لیا

کوئٹہ (ن ن) صوبائی مشیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے موٹر سائیکل سوار ملزمان کی فائرنگ سے 3 بھائیوں کی ہلاکت کے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی آئی جی کو اس واقعہ کی رپورٹ طلب کرنے کی ہے۔ مشیر داخلہ نے ڈی آئی جی کو ملزمان کی فوری گرفتاری کیلئے سپیشل ٹیمیں تشکیل دینے کا حکم دیتے

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

سپیکر قومی راجہ پرویز اشرف سے قازقستان کے سفیر یرژان کستافین کی ملاقات

دوطرفہ تعلقاتِ اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال

پارلیمانی سفارت کاری باہمی تعاون کو وسعت دینے میں فعال کردار ادا کر سکتی ہے

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی راجہ پرویز اشرف سے قازقستان کے سفیر یرژان کستافین نے ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ پاکستان، قازقستان کے ساتھ اپنے برادرانہ تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، قازقستان وسطی ایشیائی ریاستوں کا اہم ملک ہے۔ راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ پارلیمانی سفارت کاری باہمی تعاون کو وسعت دینے میں فعال کردار ادا کر سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاک قازق دوستی

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

جلاؤ گھیراؤ، توڑ پھوڑ کیس؛ عمران خان کی عبوری ضمانت میں 13 اکتوبر تک توسیع

عمران خان کے خلاف تھانہ کوہسار میں دفعہ 144 کی خلاف ورزی پر مقدمہ درج ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) اسٹرکٹ سیشن عدالت نے چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی تھانہ کوہسار میں درج مقدمے میں عبوری ضمانت میں 13 اکتوبر تک توسیع کر دی۔ تفصیلات کے مطابق سابق وزیراعظم عمران خان عدالت میں پیش نہیں ہوئے بلکہ ان کی جگہ وکیل بابر اعوان

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

بدقسمتی سے نہ نظام انصاف نہ مخالفوں نے اسحاق ڈار کا راستہ روکا، عمران خان

ملک کا خزانہ مفرور ملزم اسحاق ڈار کے حوالے کر کے بلے کو دودھ کی رکھوالی پر بٹھا دیا گیا، انشاء اللہ آپ کا بھائی عمران خان اس کا راستہ روکے گا

شہباز شریف بھارت سے مریم نواز کے داماد کے لیے مشینری منگوا رہا ہے، یہ صرف پیسے بنانے کے لیے چوری سے مشینری امپورٹ کر رہے ہیں، سابق وزیراعظم

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان نے کہا ہے کہ بدقسمتی ہے نہ نظام انصاف نہ مخالفوں نے اسحاق ڈار کا راستہ روکا، ملک کا خزانہ مفرور ملزم اسحاق ڈار کے حوالے کر کے بلے کو دودھ کی رکھوالی پر بٹھا دیا گیا، انشاء اللہ آپ کا بھائی عمران خان اس کا راستہ روکے گا، بیرونی طاقتوں نے مجھے بتایا، زرداری، شریف خاندان کے اربوں روپے باہر رکھے ہیں، شہباز شریف بھارت سے مریم نواز کے داماد کے لیے مشینری منگوا رہا ہے، یہ صرف پیسے بنانے کے لیے چوری سے مشینری امپورٹ کر رہے ہیں، ابھی آڈیو لیکس میں اور چیزیں بھی سامنے آئینگی، چوروں کی حکومت نے 15 ماہ میں مہنگائی

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

عوام کو سستا آٹا کی فراہمی کیلئے صوبے بھر میں سٹال لگائے جا رہے ہیں، زمرک اچکزئی

بلوچستان کے عوام غریب ہے حالیہ بارشوں اور سیلاب میں مال مویشی زراعت باغات تباہ ہو چکے ہیں

کسی کو کرپشن کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی گندم کے کوالٹی اور معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، صوبائی وزیر خ

پشین (این این آئی) صوبائی وزیر خوراک انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا ہے کہ کسی کو کرپشن کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی گندم کے کوالٹی اور معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، عوام کو سستا آٹا کی فراہمی کیلئے صوبے بھر میں سٹال لگائے جا رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں پشین میں محکمہ خوراک کی جانب سے لگائے گئے سستا آٹا کے سٹال کے افتتاح کے موقع پر پریس کلب پشین کے صحافیوں بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ ہمارے دور میں ایک دانہ گندم بھی خراب نہیں ہوا، محکمہ خوراک پشین کے حوالے سے جو بے بنیاد خبر سوشل میڈیا پر چل رہی ہے اس میں کوئی صداقت نہیں یہ گندم کوئٹہ میں بھی پڑا ہوا ہے اس گندم پر 2009 اور 2010 سے نیب میں کیس چل رہا ہے، قانون کے تحت یہ کیس پراپرٹی ہے جب تک کیس ختم نہیں ہوگا اس کو کوئی ہاتھ بھی نہیں لگا سکتا، انہوں نے کہا کہ پشین میں محکمہ خوراک کے گوداموں میں 87000 بوری گندم پڑی ہے اس میں ایک دانہ بھی خراب نہیں ہوا

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

پولیو ایک خطرناک موذی مرض ہے، ڈی ایچ کیو ہسپتال ژوب

ژوب (ن ن) ڈی ایچ کیو ہسپتال ژوب میں کمشنر ژوب ڈویژن سعید احمد عمرانی، ڈپٹی کمشنر ژوب محمد رمضان پال ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر مظفر شاہ نے انسداد پولیو مہم کا افتتاح کیا اس موقع پر انہوں نے بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کا باقاعدہ آغاز کیا اس موقع پر کمشنر ژوب ڈویژن سعید احمد عمرانی نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

اسحق ڈار نے اپوزیشن کے شدید احتجاج اور شور شرابے کے دوران سینٹ کی رکنیت کا حلف اٹھا لیا

حلف برداری کے بعد اپوزیشن ارکان کا اسحاق ڈار کی نشست کا گھیراؤ، ایجنڈے کی کاپیاں پھاڑ دیں

آئین پاکستان اور پاکستان کے قانون سب پر واضح ہیں، اپوزیشن کو جواب

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور نامزد وزیر خزانہ اسحق ڈار نے اپوزیشن کے شدید احتجاج اور شور شرابے کے دوران سینٹ کی رکنیت کا حلف اٹھا لیا چیئرمین سینٹ نے حلف لیا۔ منگل کو سینٹ کا اجلاس چیئرمین سینٹ صادق سنجرانی کی زیر صدارت شروع ہوا۔ اجلاس میں صادق سنجرانی نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور نامزد وزیر خزانہ اسحق ڈار سے بطور سینیٹر حلف لیا، وہ 5 سال کے بعد گزشتہ روز لندن سے واپس پاکستان واپس پہنچے تھے۔ پی ٹی آئی ارکان حلف اٹھاتے

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

عمران خان کے الزامات بے بنیاد اور جھوٹ پر مبنی ہیں، الیکشن کمیشن

انتخابات اسمبلیوں کی مدت پوری ہونے یا وزیراعظم کی جانب سے اسمبلی تحلیل کرنے کی صورت میں ہی ہو سکتے ہیں

کسی دباؤ کے بغیر آئین اور قانون کے مطابق فیصلے کرتے رہیں گے، ترجمان

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کے الزامات کی تردید اور مذمت کی ہے۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کے الزامات بے بنیاد اور جھوٹ پر مبنی ہیں، الیکشن کمیشن کسی دباؤ کے بغیر آئین اور قانون کے مطابق فیصلے کرتا رہے گا۔ بیان میں کہا گیا کہ الیکشن کروانا الیکشن کمیشن کے دائرہ اختیار میں نہیں ہے، انتخابات اسمبلیوں کی مدت پوری ہونے یا وزیراعظم کی جانب سے اسمبلی تحلیل کرنے کی صورت میں ہی ہو سکتے ہیں۔ الیکشن کمیشن نے کہا کہ ہماری ذمہ داری الیکشن کو شفاف بنانا ہے۔ جب الیکشن ہوں گے تو اس کی شفافیت کو یقینی بنایا جائے گا۔ الیکشن کمیشن نے پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کے الزامات کی تردید اور مذمت کی ہے۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کے الزامات بے بنیاد اور جھوٹ پر مبنی ہیں، الیکشن کمیشن کسی دباؤ کے بغیر آئین اور قانون کے مطابق فیصلے کرتا رہے گا۔

ضمنی الیکشن کے سلسلے میں لورالائی میں یونین کونسل 13 وارڈ نمبر 3 میں انتخابات ہوئے

لورالائی (ن ن) ضمنی الیکشن کے سلسلے میں لورالائی میں یونین کونسل 13 وارڈ نمبر 3 میں انتخابات ہوئے۔ پشتونخوامیپ کے محمد ابراہیم نے 177 ووٹ لیکر مذکورہ وارڈ جیت لیا۔ پیپلز پارٹی کے صاحب جان نے 165 ووٹ لیے اور دوسرے نمبر پر رہے۔ جبکہ بلوچستان عوامی پارٹی کے شاہ محمد 152 جمعیت علماء اسلام کے حبیب اللہ

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

سیلابی پانی صرف اس لیے نہیں نکالا جا رہا کہ مزید امداد مانگی جا سکے، علی زیدی

مفتاح اسماعیل تو چھوٹا منی لانڈر ہے، یہ بڑے منی لانڈر ہیں

اسحاق ڈار نواز شریف کی منی لانڈرنگ پر وعدہ معاف گواہ بنے تھے، میڈیا سے گفتگو

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف سندھ کے صدر علی حیدر زیدی نے کہا ہے کہ سیلابی پانی صرف اس لیے نہیں نکالا جا رہا کہ مزید امداد مانگی جا سکے۔ میڈیا سے بات چیت میں سابق وفاقی وزیر علی زیدی نے کہا کہ ایک شخص نے پاکستان کو معاشی طور پر تباہ کیا، وہ شخص جھوٹ بول کر وزیراعظم کے جہاز میں لندن بھاگا۔ انہوں نے کہا کہ مفتاح اسماعیل تو چھوٹا منی لانڈر ہے، یہ بڑے منی لانڈر ہیں، اسحاق ڈار نواز شریف کی منی لانڈرنگ پر وعدہ معاف گواہ بنے تھے۔ علی زیدی نے کہا کہ سندھ

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

جمعیت علماء اسلام کے بعد بی این پی مینگل نے بھی بلوچستان حکومت میں شامل ہونے پر غور شروع کر دیا

دونوں جماعتوں بی این پی مینگل اور جمعیت علماء اسلام کے درمیان ماضی کی طرح مشترکہ لائحہ عمل طے کرنے پر اتفاق ہوا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے بعد بی این پی مینگل نے بھی بلوچستان حکومت میں شامل ہونے پر غور شروع کر دیا گزشتہ رات اسلام آباد میں چیئرمین سینٹ کے رہائش گاہ پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو، بی این پی کے قائد سردار اختر جان مینگل اور چیئرمین سینیٹر صادق سنجرانی کے درمیان ہونے والی ملاقات میں فیصلہ کیا گیا انتہائی باشوق ذرائع کے مطابق جمعیت علماء اسلام کے بعد بلوچستان نیشنل پارٹی مینگل نے بھی بلوچستان حکومت میں شامل ہونے پر غور شروع کر دیا ہے دونوں جماعتوں بی این پی مینگل اور جمعیت علماء اسلام کے درمیان ماضی کی طرح مشترکہ لائحہ عمل میں بھی مشترکہ لائحہ عمل

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

اسلام آباد چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی اسحاق ڈار سے سینیٹ کی رکنیت کا حلف لے رہے ہیں

وزیراعظم ہاؤس سمیت اہم مقامات سے خفیہ ریکارڈنگ کے معاملے پر قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس (آج) ہوگا

آئی بی اور آئی ایس آئی کے سربراہان خفیہ ریکارڈنگز کے متعلق قومی سلامتی کمیٹی کو بریف کرینگے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت وزیراعظم ہاؤس سمیت اہم مقامات سے خفیہ ریکارڈنگ کے معاملے پر قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس (آج) بدھ کو ہوگا جس میں آڈیو لیک، بحری سلامتی اور دیگر امور پر بات کی جائیگی۔ تفصیلات کے مطابق کے مطابق قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس (آج) بدھ کو وزیراعظم ہاؤس میں ہوگا جس میں اعلیٰ عسکری اور سول قیادت شریک ہوگی۔ اجلاس میں وزیر دفاع، وزیر داخلہ، وزیر اطلاعات، وزیر خزانہ، چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف سمیت تینوں

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

سیلاب متاثرین کو جلد ریلیف کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے، مولانا عبدالرحمن رفیق

سردیوں کی آمد ہے مکانات کی جلد تعمیر ضروری ہے، امیر جمعیت علماء اسلام کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق صوبائی جوائنٹ سیکرٹری مولانا خورشید احمد جنرل سیکریٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا محمد ہاشم ضیغمی مولانا حکیم حبیب اللہ حافظ عبدالحق حقانی مولانا محمد اشرف جان مولانا محمد ایوب ملتی عبدالسلام ریاستی ملتی عبدالغفور مدنی حافظ سراج الدین حاجی ولی محمد بزنجو حاجی ظفر اللہ خان کاکڑ چوہدری محمد عاطف میر فاروق لانگو مولانا جمال الدین حقانی مولانا محمد طاہر توحیدی سالار حافظ سید سعد اللہ آغا مفتی محمد ابوبکر حاجی عبداللہ سلیمان خیل

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں سیلاب متاثرین کا کوئی پرسان حال نہیں ہے، مولانا واسع

ہم نے اپنا حصہ مانگا ہے زیادہ نہیں مانگا جمعیت اپنے طور پر فیصلہ کر چکی ہے اگر معاملات آگے نہیں

سیلاب زدگان کا اس وقت مدد ممکن ہے جب ہمارے پاس مکمل اختیار ہوں جب اختیار نہ ہوں تو عوام بے یار رہتی ہے، وفاقی وزیر

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے امیر اور وفاقی وزیر ہاؤسنگ و تعمیرات مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کے اصرار پر حکومت میں شمولیت کیلئے آمادگی ظاہر کی لیکن ضروری نہیں کہ ہمیں صرف حصہ ملے بلکہ ہم اپنے شرائط اور مکمل اختیار کے ساتھ شامل ہوتے پہلے بھی جب ہم سے عوام مطمئن نہ ہوں اور ہمارے نظریات کی پاسداری نہ ہوئی ہوں تو ہم نے حکومتیں چھوڑ دی اس لئے جمعیت علماء اسلام اپنے شرائط سے پیچھے نہیں ہٹے گی، بلوچستان میں سیلاب متاثرین کا کوئی پرسان حال نہیں ہے وسائل حکومت کے پاس ہے جمعیت حکومت کا حصہ بن کر سیلاب متاثرین کی بہتر دادرسی کر سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ''آن لائن'' سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ مولانا عبدالواسع نے کہا کہ ہم نے اپنا حصہ

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

پاک فوج کے جوانوں کی شہادتوں پر دل غمزدہ ہے، سکینہ عبداللہ خان

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان وومن ونگ کی صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری سکینہ عبداللہ خان نے ضلع ہرنائی کے علاقے سب تحصیل خوست میں پاک فوج ہیلی کاپٹر حادثہ اور دو میجر سمیت 6 جوانوں کی شہادت پر انتہائی دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہیلی کاپٹر حادثے

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

پاکستان اور جاپان 1952 سے شاندار تجارتی تعلقات سے لطف اندوز ہو رہے ہیں، سید ندیم عالم شاہ

کوئٹہ (آن لائن) جاپان کے اعزازی قونصل جنرل برائے بلوچستان سید ندیم عالم شاہ نے کہا ہے کہ کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری جاپان کے ساتھ تجارتی روابط بڑھانے کیلئے اپنی توانائیاں بروئے کار لائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے دورہ کے موقع پر صدر فدا حسین دشتی سمیت

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

عوام خود اپنی ترقیاتی اسکیمات کی نگہبانی کرے اور ان پر نظر رکھے، ڈاکٹر اسحاق بلوچ

خاران میں عوامی سطح پر پارٹی کو پزیرائی حاصل ہو رہی ہے جو انتہائی مثبت اور حوصلہ افزا ہے

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی خاران کے سینئر ہاؤس اجلاس زیر صدارت سردار حبیب اللہ فقیر زئی منعقد ہوا۔ اجلاس کے مہمان خاص نیشنل پارٹی کے مرکزی نائب صدر ڈاکٹر اسحاق بلوچ تھے، اجلاس میں مجموعی ضلعی تنظیمی صورتحال پر سیر حاصل بات اور یونین کونسل کے سطح پر تنظیمی تشکیل دی گئی جو یونین کے سطح پر یونٹ اور عوام سے رابطہ کریگی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر اسحاق بلوچ نے کہا کہ اس میں کوئی دو رائے نہیں ہے کہ مربوط رابطہ اور تنظیم کاری سے ہی پارٹی فعال اور متحرک ہو سکتی

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

سابق وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے رکن اسمبلی میر یونس زہری اسمبلی اجلاس سے قبل مصافحہ کر رہے ہیں

کوئٹہ میں نامعلوم افراد کی گاڑی پر فائرنگ 3 بھائی جاں بحق

فائرنگ کے نتیجے میں 25 سالہ زریان ولد سرجن ناصر، 20 سالہ صدران ولد سرجن ناصر اور 8 سالہ زران ولد سرجن ناصر جاں بحق ہو گئے

پولیس نے لاشوں کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر دیا جہاں ضروری کاروائی کے بعد لاشیں ورثاء کے حوالے کر دی گئیں، مزید کاروائی جاری ہے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں نامعلوم افراد کی گاڑی پر فائرنگ 3 بھائی جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق گزشتہ شب کوئٹہ کے علاقے جوائنٹ روڈ ریلوے کالونی کے قریب نامعلوم افراد نے گاڑی پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں 25 سالہ زریان ولد سرجن ناصر، 20 سالہ صدران ولد سرجن ناصر اور 8 سالہ زران ولد سرجن ناصر جاں بحق ہو گئے۔ پولیس نے لاشوں کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر دیا جہاں ضروری کاروائی کے بعد لاشیں ورثاء کے حوالے کر دی گئیں، مزید کاروائی جاری ہے۔ کوئٹہ میں نامعلوم افراد کی گاڑی پر فائرنگ 3 بھائی جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق گزشتہ شب کوئٹہ کے علاقے جوائنٹ روڈ

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

پاک امریکا وزیر خارجہ ملاقات، سیلاب متاثرین کیلئے مزید ایک کروڑ ڈالر امداد کا اعلان

مشکل وقت میں پاکستان اور پاکستانی عوام کے ساتھ ہیں، امریکی وزیر خارجہ کی بات چیت

امریکا نے سیلاب زدگان کے لیے پاکستان کو 55 ملین ڈالر سے زائد کی امداد فراہم کی ہے، امریکی وزیر خارجہ

واشنگٹن (این این آئی) وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے واشنگٹن میں امریکی ہم منصب انٹونی بلنکن سے ملاقات کی اور دوطرفہ تعلقات سمیت اہم امور پر تبادلہ خیال کیا۔ پاکستان اور امریکا سفارتی تعلقات کے 75 سال مکمل ہونے پر امریکی محکمہ خارجہ میں تقریب ہو

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

28 ستمبر 2022ء

امریکا کا پاکستان میں غذائی تحفظ کیلئے ایک کروڑ ڈالر امداد کا اعلان

امریکی وزیر خارجہ انٹونی بلنکن نے پاکستان میں فوڈ سیکیورٹی پروگرام کے لیے مزید ایک کروڑ ڈالر امداد کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم ماضی کی طرح پاکستان کی مدد کے لیے موجود ہیں۔ انٹونی بلنکن نے یہ بات واشنگٹن میں گزشتہ روز وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات کے دوران کہی، ملاقات میں کئی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں انٹونی بلنکن نے بھارت کے ساتھ تعلقات کے حوالے سے بھی اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے دوستوں نے چین کے حوالے سے بھی بات کی ہے اور دونوں ممالک کے گہرے تعلقات کا تنقیدی جائزہ لیا۔ امریکی وزیر خارجہ انٹونی بلنکن نے کہا کہ پاکستان اور امریکا کے معاشی تعلقات مزید مضبوط ہو سکتے ہیں اور اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ دوطرفہ تعلقات مزید گہرے ثابت ہوں گے۔ بلاول بھٹو سے ملاقات کے دوران انٹونی بلنکن نے کہا کہ ہماری ملاقات اس وقت ہو رہی ہے جب پاکستان کا ایک تہائی حصہ زیر آب ہے، پاکستان کے لیے انتہائی مشکل لمحہ ہے، سیلاب کے چیلنج سے فوری نہ نمٹے تو طویل المیعاد اثرات مرتب ہوں گے، ہم دوطرفہ تعلقات کی تعمیر نو کے لیے منتظر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور امریکا نے باہمی خطرات اور دہشت گردی کے خلاف مل کر کام کیا اور افغانستان کے بارے میں مشترکہ اہداف حاصل کیے ہیں۔ سیکرٹری انٹونی بلنکن نے کہا کہ پاکستان کے ساتھ ہمارا گہرا رشتہ ہے جو تمام چیلنجز پر قابو پانے کی صلاحیت ہے۔

باوانی، کالونی، ہاشوانی اور کریسنٹ گروپس

باوانی گروپ۔ 1882 اور 1890 میں بالترتیب جیٹ پور، کاٹھیاواڑ میں پیدا ہوئے، احمد کریم ابراہیم باوانی اور عبداللطیف ابراہیم باوانی نے باوانی خاندان کی بنیاد رکھی۔ 19ویں صدی کے آخر میں برما کی طرف ہجرت کرتے ہوئے، دونوں بھائیوں نے مبینہ طور پر گاؤں گاؤں سائیکلوں پر کپڑا بیچ کر اپنی ابتدائی قسمت کمائی۔ انہوں نے رنگون میں اپنی پہلی لمیٹڈ کمپنی احمد واکلن ہوزری ورکس کو شامل کیا اور خود کو درآمد کنندگان اور برآمد کنندگان کے طور پر قائم کیا۔ دوسری جنگ عظیم کے بعد وہ ہندوستان میں کاروبار کے لیے واپس آئے، 1947 میں پاکستان ہجرت کر گئے۔ رنگون میں ہوزری ملز کی یاد میں کراچی میں اسی نام سے ایک کمپنی بنائی گئی جو اب بھی پھل پھول رہا ہے۔

باوانی ایک بڑا خاندان تھا، احمد باوانی کے سات بیٹے تھے صدیق، ماجد، یحییٰ، ابراہیم، امین، رؤف اور زکریا باوانی، جن میں سے ہر ایک آزادانہ طور پر کم از کم ایک صنعتی یونٹ کی سربراہی کر رہا ہے۔ باوانی کے اصل اثاثوں کو ان میں تقسیم کر دیا گیا تھا، سالوں کے دوران ان کے اثاثے مزید ذیلی تقسیم ہو گئے ہیں۔ باوانی خاندان کے افراد آج کل زیادہ تر ٹیکسٹائل، جوٹ، چینی، پارٹیکل بورڈ، آکسیجن، وغیرہ میں سرگرم ہیں۔ چمڑے، گارمنٹس، مینریز اور کیمیکلز لیکن ان میں سے کوئی بھی داؤد یا حبیب کے برابر بڑا گروہ نہیں ہے۔ انور باوانیوں کا ایک حصہ ہے، دونوں کے متعدد کمپنیوں میں مشترکہ مفادات ہیں۔ تعلیم میں داؤدوں اور حبیبوں کی طرح باوانی گروپ میں بھی فلاحی کاموں کا جذبہ تھا، ڈھاکہ کی مشہور بیت المکرم مسجد فنڈنگ کی گئی۔ کالونی گروپ۔ محمد اسماعیل کی طرف سے قائم کردہ کالونی گروپ نے 1945 میں ملتان میں کالونی ٹیکسٹائل ملز پر کام شروع کیا، یہ آزاد پاکستان میں شروع ہونے والی پہلی ٹیکسٹائل مل بن گئی۔ اسماعیل پہلے ہی 14 جننگ فیکٹریوں اور چار فلور ملوں کا سلسلہ چلا رہا تھا جبکہ کالونی ٹیکسٹائل ملز پر کام جاری تھا۔ ان کے چار بیٹے تھے، سب سے بڑے عزیز اے شیخ کے بعد نصیر اے شیخ، فاروق اے شیخ اور سب سے چھوٹے مغیث شیخ۔ اس کے بعد کالونی کو تین گروپوں میں تقسیم کر دیا گیا ہے، جن کے سربراہ فاروق اے شیخ، نصیر اے شیخ اور مغیث اے شیخ ہیں۔ بہت سے دوسرے صنعت کاروں کی طرح، کالونی گروپ کے اراکین بھی سیاست میں سرگرم ہو گئے، اخبارات میں ایکوٹی کے مالک تھے اور الیکشن لڑے۔ نصیر اے شیخ سول اینڈ ملٹری گزٹ اور نوائے وقت کے بورڈ پر تھے جبکہ فاروق اے شیخ نے 1970 میں قومی اسمبلی کے لیے الیکشن لڑا تھا۔ کالونی کو 1970 میں پاکستان کے ٹاپ ٹین گروپس میں شمار کیا گیا تھا، اس کی چھتری تلے ایک درجن مینوفیکچرنگ کمپنیاں ہیں۔ ہاشوانی گروپ (اور ہاشو گروپ)۔ کراچی، صوبہ سندھ سے تعلق رکھنے والے

اکرام سہگل

اور سندھی خواجہ شیعہ مسلم خاندان سے تعلق رکھنے والے، ہاشوانی 1900 کی دہائی کے اوائل میں فارس سے تیسرے اسماعیلی امام آغا خان کے ساتھ ہجرت کر کے بلوچستان کے شہر لسبیلہ میں آباد ہوئے۔ ہاشوانی گروپ آف کمپنیز کی بنیاد 1900 کی دہائی کے وسط میں اس وقت رکھی گئی جب کھمی عبداللہ ہاشوانی اور ان کے بیٹے حسین اے ہاشوانی جو جو، کپاس اور چینی کی تجارت میں داخل ہوئے، ریلی برادرز یو کے لمیٹڈ کے ایجنٹ بن گئے۔ قیام پاکستان کے بعد حسین اے۔ ہاشوانی نے اپنے بڑے بیٹے اکبر اے ہاشوانی کے ساتھ مختلف دیگر تجارتی اور صنعتی منصوبوں کے ساتھ مزید تبدیلیوں کا آغاز کیا۔ اکبر علی ہاشوانی کی حکمت عملی کے تحت، ایک بصیرت والے کاروباری اور ایک پرعزم انسان دوست، گروپ نے مزید کامیابیاں حاصل کیں۔ ان کی قیادت اور انتظامیہ کے انتھک عزم نے ہاشوانی گروپ آف کمپنیز کو عالمی معیار کی تنظیم کے طور پر تسلیم کرنے کی راہ ہموار کی۔ آج امین ہاشوانی گروپ کی قیادت کرتے ہیں، کاروبار کے علاوہ ان کی سماجی بہبود کی سرگرمیاں مثالی ہیں۔ چھوٹے بیٹے صدرالدین ہاشوانی نے 1960 میں کاروبار قائم کیا، ہاشو گروپ ابتدائی طور پر ایک تجارتی ادارے کے طور پر کام کرتا تھا۔ اس کے بانی کے وژن، اسٹریٹجک سمت اور اٹل عزم کے ذریعے، ہاشو گروپ کاٹن ٹریڈنگ میں اپنی شریفانہ ابتدا سے اب تک ایک diversified بین الاقوامی کاروباری پورٹ فولیو کے ساتھ پاکستان کے پریمیم گروپ کے طور پر ابھرا ہے۔ ہاشو گروپ کے کاروباری مفادات آج پوری دنیا میں پھیلے ہوئے ہیں اور مہمان نوازی، تیل اور گیس کی تلاش اور پیداوار، انفارمیشن ٹیکنالوجی، سرمایہ کاری، معدنیات، سفر اور سیاحت، رئیل اسٹیٹ اور اجناس کی تجارت کا کاروبار شامل ہیں۔ صدرالدین ہاشوانی نے اپنے بیٹے مرتضیٰ کو ریٹائر کرنے کے بعد ہاشو گروپ کو نئی بلندیوں تک لے جانے میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ پاکستان کے تمام بڑے شہروں میں موجودگی کے ساتھ ہاشو گروپ آف کمپنیوں کے واحد مالک اور آپریٹر کے طور پر پرل کانٹی نینٹل ہوٹلز اینڈ ریزورٹس، میریٹ ہوٹلز، پی سی لیگیسی اور ہولیڈے ون برانڈز ہیں۔ اس کے علاوہ گروپ میں اوشن پاکستان لمیٹڈ بھی شامل ہے، جو کہ تیل اور گیس کی تلاش اور پروڈکشن کمپنی ہے۔ ہاشو فاؤنڈیشن نے تعلیم اور خیراتی دونوں شعبوں میں غیر معمولی کام کیا ہے، خاص طور پر گلگت بلتستان میں عملی انسان دوستی کے لیے ان کا جوش نمایاں ہے۔ ان کے زیادہ تر ملازمین کو ان کے ذریعہ مفت تربیت دی گئی ہے۔ کریسنٹ گروپ۔ 1900 کی دہائی کے اوائل میں چنیوٹ کے شمس دین اور ان کے چار بیٹوں، فضل کریم، محمد امین، محمد بشیر اور محمد شفیع نے ہندوستان کے امرتسر میں ایک چھوٹا ٹینری tannery قائم کیا۔ پاکستان بننے تک ان کے دفتر مدراس، جالندھر، کلکتہ اور دہلی میں تھے۔ پاکستان کے بننے کے بعد چار میں سے تین بھائی پاکستان واپس آئے اور 1951 میں کپاس کی برآمد اور درآمدات کے لیے محمد امین محمد بشیر لمیٹڈ کے نام سے ایک تجارتی کمپنی قائم کی۔ بشیر کراچی میں مقیم، امین نے لاہور سے آپریشنز سنبھالے اور شفیع سرگودھا میں ایک جننگ فیکٹری میں کام کرتے تھے۔ بھارت میں چھوڑی گئی جائیداد کے بدلے کریسنٹ فیملی کو فیصل آباد میں 125 ایکڑ پر پھیلا ہوا ایک صنعتی یونٹ الاٹ کیا گیا، یہ ان کی ترقی اور تبدیلی diversification کا سرچشمہ بن گیا ہے۔ 1960ء کی دہائی کے وسط تک فضل کریم بھی پاکستان واپس آ گئے اور چاروں بھائی کاروباری برادری میں دی گرینگ آف فور کے نام سے مشہور تھے جلد ہی پاکستان کے سب سے بڑے ٹیکسٹائل ایکسپورٹرز بن گئے۔

اس کاروبار میں ان کے دو کزن بھی شامل تھے۔ آج کریسنٹ کے پاس سب سے زیادہ لسٹڈ کمپنیاں (22) ہیں جن کے اثاثے 10 ارب روپے سے زیادہ ہیں۔ پاکستان کے سب سے بڑے صنعتی گروہوں میں سے ایک اور 22 خاندانوں میں سے ایک جو پچھلے 50 سالوں کے دوران پاکستان میں بڑے کاروبار کے لیے بہترین اور بدترین، اچھے اور برے دونوں وقتوں میں، متحد رہے ہیں۔ خاندان کے سب سے بڑے رکن مظہر کریم کی سربراہی میں اس گروپ کے بیس ورکنگ ممبرز ہیں اور اسے حقیقی معنوں میں چچا، کزن اور بھتیجوں کا مشترکہ منصوبہ کہا جا سکتا ہے۔

☆☆☆☆☆

سیلاب، بحالی اور معاشی صورتحال (آخری قسط)

میاں انوار الحق رامے

تقریب 80 فیصد فصل تباہ ہو چکی ہے جو پاکستان کی کل پیداوار کا 30 فیصد بنتا ہے۔ ٹیکسٹائل کا شعبہ مزید معاشی دباؤ کا شکار ہو جائے گا۔ پاکستان اپنی ضرورت پوری کرنے کیلئے 40 لاکھ گانٹھیں درآمد کرتا ہے اس سال ہمیں اس سے دوگنا زیادہ اخراجات تین ارب ڈالر کے قریب کرنے پڑیں گے۔ اس تباہی کی وجہ عالمی سطح پر آنے والی موسمیاتی تبدیلی ہے جس کا ذکر اقوام متحدہ کے جنرل سیکرٹری انٹونیو گوتیرس نے اپنے دورہ پاکستان میں کیا تھا۔ پاکستان پہلی مرتبہ مون سون نظام میں تبدیلی سے متاثر ہو رہا ہے۔ پاکستان اس مرتبہ بڑے پیمانے پر غیر دریائی سیلاب سے متاثر ہوا ہے۔ ماہرین کے نزدیک بارشوں کی نسبت دریائی سیلاب کی پیش گوئی کرنا زیادہ آسان ہے۔ اب طوفانی بارشوں، گلیشیر کے پگھلنے، فوری فلڈ، بادل پھٹنے کی پیش گوئیاں کرنا قدرے مشکل ہے۔ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں انفراسٹرکچر اور فصلوں کی بربادی، ہزاروں انسانی جانوں کے ضیاع اور لاکھوں مویشیوں کی ہلاکت کی وجہ سے پاکستان کیلئے بہت بڑا دھچکا ہے۔ یہ نقصان آنے والے دنوں میں کئی گنا بڑھنے کا امکان ہے کیونکہ سیلاب زدہ زمینوں کو آباد کرنے کیلئے اربوں روپے سرمایہ کی ضرورت ہوگی اور زمین کے خشک ہونے کا انتظار کرنا پڑے گا۔ ہمیں اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے ابھی سے آنے والے سیلابی طوفانوں کا مقابلہ کرنے کی حکمت عملی بنا لینی چاہیے۔ اس سلسلے میں محکمہ موسمیات کے جاری کردہ اعداد و شمار سود مند ہو سکتے ہیں۔ 1961ء سے اب تک رواں سال اگست کے مہینے میں سب سے زیادہ بارشیں ہوئی ہیں اگست میں قومی سطح پر بارشوں کی اوسط 243 فیصد زیادہ رہی ہے۔ بدقسمتی سے بلوچستان میں یہ شرح 590 فیصد اور سندھ میں 726 فیصد رہی ہے۔ ہمیں اپنی ترجیحات کو تبدیل کر لینا چاہیے۔ نمبر 1 پانی کی نکاسی کے قدرتی راستوں کو کشادہ کرنا چاہیے۔ نمبر 2 غیر قانونی تعمیرات کو جو پانی کی فطری گزرگاہ پر بنائی گئی فوری طور پر ان کا قلع قمع کر دینا چاہیے۔ نمبر 3 دریاؤں کے کناروں کو مضبوط کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ نمبر 4 انفراسٹرکچر اور تعمیرات کے معیار کو بہتر بنایا جائے نمبر 5 ملک میں بلدیاتی نظام کے ذریعے مقامی حکومتوں کی تشکیل کی جائے تاکہ مقامی حکومتیں ریسکیو، بحالی اور مدد بروقت فراہم کر سکیں۔ پاکستان میں اس بار ماحولیاتی طوفان برپا ہوا ہے۔ جس کی ہلاکت انگیزی 2010ء کے مقابلے کہیں زیادہ ہے۔ 2010ء کے سیلاب میں 78 اضلاع میں دو کروڑ بیس لاکھ لوگ متاثر ہوئے تھے۔ اس بار 116 اضلاع میں تین کروڑ اور 30 لاکھ لوگ بری طرح متاثر ہوئے ہیں۔ اس بار 70 لاکھ گھر تباہ ہوئے ہیں۔ 269 پل 6700 کلو میٹر سڑکیں اور 80 لاکھ ایکڑ زمین پر کھڑی فصلیں تباہ ہو گئی ہیں۔ آئندہ برسوں میں اس میں اضافہ ہونے کے امکانات ہیں۔ دنیا میں 80 فیصد آلودگی کے ذمہ دار صنعتی ممالک ہیں۔ یہ ممالک 2060 اور 2070 کاربن کے پھیلاؤ کو ختم کرنے پر راضی ہو چکے ہیں۔ دنیا میں طوفانی کاربن کو صنعتی ترقی کے نام پر نہ روکا گیا تو 2050 تک دنیا کی دو ارب سے زیادہ آبادی کو 60 ڈگری درجہ حرارت پر زندہ رہنا ہوگا۔

☆☆☆☆☆

کوئٹہ میں قلتِ آب، ٹینکر مافیاء بے لگام

کوئٹہ جو ماضی میں شہرستان کے نام سے موسوم کیا جاتا تھا زیرِ زمین پانی کی ترسیل کا نظام "کاریزات" سے منسلک تھا۔ اور کوئٹہ کے گرد و نواح میں ہرے بھرے باغات پھلوں سے لدے درختوں سے سجے لوگوں کو اپنی جانب متوجہ کرتے دکھائی دیتے تھے۔

پھر یوں ہوا کہ وقت کے ساتھ ساتھ کوئٹہ کی آبادی بڑھتی گئی اور آبی وسائل گھٹتے گئے، کاریزات کوڑا کرکٹ سے بھر گئے اور اُن پر انسانی بستیاں آباد ہو گئیں لیکن باغات ویران ہو گئے۔

اس وقت کوئٹہ شہر میں پینے کا صاف پانی دستیاب نہیں، پانی کی قلت کا مسئلہ شدید ہوتا جا رہا ہے اور ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ اگر حکومت نے پالیسی تبدیل نہیں کی تو ملک کو پانی کی شدید قلت کا سامنا ہو سکتا ہے۔ حالیہ دنوں میں بلوچستان کے کئی علاقوں میں پانی کی شدید قلت کے حوالے سے زبردست احتجاجی مظاہرے بھی ہوئے ہیں۔ بجلی کی لوڈشیڈنگ ہو یا پانی کی قلت سے پیدا ہونے والے دیگر مسائل، ان سب کا حل ایک ہی ہے کہ حکومت اس مسئلے پر انتہائی سنجیدگی سے توجہ دے اور اسے ہنگامی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے ایک ایسی قومی پالیسی بنائی جائے جس میں ملک کی تمام انتظامی اکائیوں سے ماہرین کو شامل کیا جائے۔ ساتھ ہی یہ بھی طے کر لیا جائے کہ کوئی اگلی حکومت اس پالیسی پر عمل درآمد میں رکاوٹ کھڑی نہیں کرے گی۔ جس تیزی سے پاکستان میں پانی کی قلت اور اس سے جڑے ہوئے مسائل میں اضافہ ہو رہا ہے آنے والے برسوں میں یہ معاملہ مزید شدت اختیار کر جائے گا۔ اس پر قابو پانے کے لیے تمام سیاسی قیادت کو سر جوڑ کر بیٹھنا چاہیے اور اپنے سیاسی اور گروہی مفادات کو ایک طرف رکھ کر صرف ملک اور عوام کے بہتر مستقبل کے لیے ایک قومی پالیسی تشکیل دینی چاہیے۔ پاکستان میں پانی کی کمی کے مسئلے پر قابو پانے کے لیے ایک عرصے سے نئے ڈیم بنانے کی بہت سی تجاویز تو زیر غور ہیں اور کئی پراجیکٹس پر کام بھی جاری ہے لیکن تاحال کوئی ایسا بڑا منصوبہ مکمل نہیں ہو پایا جس سے ان مسائل پر قابو پایا جا سکے۔ اس سلسلے میں ایک اہم بات یہ بھی ہے کہ ہر حکومت اپنی سیاسی مفادات کے تحفظ اور عوام میں مقبول ہونے کے بعض ایسے اعلانات کرتی ہے جن کا زمینی حقائق سے کوئی تعلق نہیں ہوتا، نتیجہ اس کا یہ نکلتا ہے کہ عوام بیانات سے خوش ہو جاتے ہیں لیکن مسائل اپنی جگہ برقرار رہتے ہیں۔ کالا باغ ڈیم جیسا اہم منصوبہ ہمارے ملک میں ایک سیاسی مسئلہ بن کر رہ گیا ہے، لہٰذا کوئی بھی حکومت اس کی تعمیر کے لیے کوئی ٹھوس اقدامات نہیں کر سکتی۔ اس حوالے سے صوبوں کے درمیان جن ہم آہنگی اور یکجہتی کی ضرورت ہے وہ سیاسی مفادات کی بھینٹ چڑھ چکی ہیں۔ ایسے حالات میں عوامی مسائل بس سیاسی تقریروں میں ہی حل ہو سکتے ہیں اور ایسا ہی ہو رہا ہے۔ پانی کی قلت سے جہاں اور بہت سے مسائل پیدا ہو رہے ہیں وہیں ملک کے مختلف علاقوں میں جاری آبی بحران کے پیش نظر ماہرین کا کہنا ہے کہ قلت آب سے خوراک کی کمی کا خطرہ ہے۔ اندریں حالات، حکومت کے لیے یہ بہت مشکل ہو جائے گا کہ وہ مختلف اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کو برقرار رکھ سکے کیونکہ یہ معاشیات کا سیدھا سا اصول ہے کہ اگر کسی شے کی رسد کم ہو جائے اور اس کی طلب بڑھ رہی ہو تو اس کی قیمت میں اضافہ ناگریز ہو جاتا ہے۔ ایک طرف ملک کے اندر پانی کی کمی سے پیدا ہونے والے مسائل کے بارے میں ماہرین آگاہ کر رہے ہیں تو دوسری جانب اقوام متحدہ کے اپنی ایک رپورٹ میں پاکستان کو دنیا کے ان تیس ممالک میں شامل کیا گیا ہے جنھیں گزشتہ دو برس سے خشک سالی کا سامنا ہے۔ 'گلوبل لینڈ آؤٹ لک' نامی رپورٹ کے مطابق پاکستان کے علاوہ جن دیگر بائیس ممالک کو خشک سالی کا سامنا ہے ان میں افغانستان، ایران، عراق اور امریکا شامل ہیں۔ رپورٹ میں 2050ء کے حالات کے بارے میں پیش گوئی کی گئی ہے کہ تب تک مختلف خطوں اور ممالک کو پانی کی قلت کی وجہ سے کن مسائل کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے اور ان سے بچنے کے لیے کون سے اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ ٹینکر مافیا حکومت کی ملی بھگت سے کوئٹہ کے شہریوں کے لیئے ناسور کی شکل اختیار کر چکا جو انتہائی برق رفتاری سے پھیل گیا اور شہریوں کا خون جھونک کی طرح چوس رہا ہے اج سے 10 سال قبل کوئی یہاں کا باسی سوچ نہیں سکتا تھا کہ پینے کا پانی بھی خریدنا پڑیگا لیکین اج ستم ظریفی کا یہ عالم ہے کہ مہنگائی چکی میں پسی عوام اللہ کے اس نعمت کو 4000 سے 5000 روپے دیکر خرید رہا ہے اس کی وجہ کہ حکومت عالمی مالیاتی اداروں کی لونڈی بن چکی ہے جس کے اپنے کنٹرول میں ملک کا کوئی ادارہ نہیں ٹینکر مافیا کا وجود محکمہ واسا اور حکومتی ڈھانچے کے کھوکھلے پن پر طمانچہ ہے واسا اپنے ریزرو ڈائیر سے پانی کی ترسیل کو کیوں ممکن نہیں بنا پا رہا اسکی محرکات محکمہ جاتی کھوکھلا پن کرپشن اور سرمایہ دارانہ نظام کے بے رحم مظاہرے ہیں ان سارے مظالم کو روکنے کے لیئے عوامی مزاحمت کو منظم کو کر کے عوامی ردعمل کو سامنے آنا چاہیئے۔

سوال یہ ہے کہ پرائیویٹ ٹیوب ویلوں سے پانی آ رہا ہے مگر سرکاری بورنگ بند پڑے ہیں آخر کیوں۔؟؟؟

قلم کالم



شیخ فرید
fareedqta1963@gmail.com

اچھوت،، بچے کا قتل

پروفیسر غلام دستگیر صابر

پانچ دن پہلے 21 ستمبر کو ایک ہی دن دو حادثات ہوئے۔ پہلا حادثہ،، اعلیٰ خاندان، کے ایم۔ پی۔ اے واشک حاجی زابد ریکی صاحب کے ساتھ پیش آیا۔ جس میں محترم ریکی صاحب کی پسلیوں پر شدید چوٹیں آئیں۔ حاجی صاحب کو فوری طور ایف۔ سی اسپتال نوکنڈی میں ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد شیخ زید اسپتال دالبندین منتقل کیا گیا۔ یہ خبر جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی۔ سینکڑوں لوگ فوراً اسپتال پہنچے۔ سوشل میڈیا پر تصویریں وائرل ہو گئیں، ہزاروں لوگوں نے،، ہمدردی،، اور رنج و غم کا اظہار کیا۔ تمام صحافی بڑھ چڑھ کر خبریں شائع کرنے لگے۔ سینکڑوں لوگوں نے نے اپنی اور حاجی صاحب کی تصاویر دیکر بظاہر، گڈ گڈ،، کر لوگوں سے حاجی صاحب کی صحت یابی کے لئے دعاوں کی اپیل کی۔ کچھ دیر بعد ایک خصوصی طیارہ دالبندین ایئرپورٹ پر لینڈ کیا۔ حاجی صاحب کو فوری طور پر خصوصی طیارے میں کراچی منتقل کیا گیا۔ اور آغا خان اسپتال میں داخل کیا گیا۔ چار دنوں سے وفاقی، صوبائی وزراء، ممبران پارلیمنٹ اور ،، بڑے بڑے،، لوگ حاجی صاحب کی عیادت کر رہے ہیں۔ اور سوشل میڈیا پر خبریں اور تصاویر شائع ہو رہے ہیں۔ رب پاک سے دعا ہے کہ حاجی صاحب کو صحت کاملہ عطا فرمائے آمین۔ دوسرا دردناک واقعہ بھی اسی دن 21 تاریخ کو ہی پیش آیا حاجی زابد ریکی صاحب کے انتخابی حلقہ تیسمہ کے علاقہ ساجد سے تعلق رکھنے والا بارہ سالہ بچہ غلام سرور ولد علی حسن کے ساتھ ہوا۔ وہ،، نچلی ذات،، اور،، اچھوت،، یعنی غریب تھا۔ زیک کے علاقے میں چرواہا تھا۔ یہ بلوچستان ہے یہاں نسل در نسل سردار کا بیٹا سردار اور چرواہے کا بیٹا چرواہا ہوتا ہے۔ والدین کا اکلوتا بیٹا اور سہارا، معصوم بہنوں کا پیارا بھائی۔ صرف پیٹ کی آگ بجھانے کے لئے بارہ سالہ غلام سرور سارا سال گرمی اور سردی میں بھوکا پیاسا دوسروں کے بھیڑ بکریاں چراتا اور رات کو تھکا ہارا گھر واپس آتا۔ اس رات جب غلام سرور گھر نہیں آیا تو والدین اور رشتہ دار اس کی تلاش میں نکل گئے۔ مگر اس کا کوئی سراغ نہ ملا۔ اگلے دن پھر تلاش شروع ہوئی۔ اچانک لوگوں نے خون کے دھبے دیکھے۔ جب نزدیک گئے تو سب کی چیخیں نکل گئیں، بارہ سالہ معصوم بچہ بڑے پتھروں کے نیچے خون میں لت پت پڑا تھا۔ انسان نما کچھ درندوں نے اس معصوم کے سر کو بھاری پتھروں سے مار مار کر کچل دیا تھا۔ اف۔ کیا منظر ہوگا جب کچھ درندے نما لوگ بھاری پتھر اٹھا کر ایک معصوم کو مار رہے ہونگے۔ وہ معصوم چیخ چیخ کر فریاد کر رہا ہوگا۔ بھاگنے کی کوشش کی ہوگی۔ دلدوز آواز سے پکارا ہوگا۔ بابا مجھے بچاؤ، اماں مجھے بچاؤ مگر نہ بابا نے اس کی یہ آواز سنی نہ پیاری ماں نے۔ ان شیطانوں نے پتھر مار مار کر اس کے سر کو کچل دیا۔ معصوم بچہ تڑپ تڑپ کر مر گیا۔ جب لوگ اس مسخ شدہ اور کچلی ہوئی لاش کو اس کے گھر کے آئے تو قیامت کا منظر تھا، ماں تو اکلوتے بیٹے کی شادی کا سہانا خواب دیکھ رہی تھی، بہنیں اکلوتے بھائی کی شادی میں،، حنا بندی،، کی گیت گانے اور اس کے ہاتھوں کو مہندی لگانے کی تیاری میں تھیں۔ مگر مہندی کی جگہ درندوں نے اس کے جسم کو زخموں اور خون سے سرخ کر دیا تھا۔ بوڑھا باپ اکلوتے معصوم بچے کی میت اٹھا رہا تھا۔

ہم بلوچ کتنے سخت جان ہیں کہ ہمیشہ جوانوں کا جنازہ ہی اٹھاتے ہیں۔

ہندوؤں میں ایک ذات ہے،، شودر،، اور ،، اچھوت،، ان کا کام دیگر اعلیٰ خاندانوں کی خدمت ہے۔ انھیں عام طور پر ناپاک اور نجس سمجھا جاتا ہے۔ ہمارے ہاں بھی یہی نظام ہے۔ نواب، سردار، میر، ملک وغیرہ جتنے بھی برے ہوں مگر،، اعلیٰ خاندانی،، لوگ ہیں۔ اور ہمیں شودر اور اچھوت سمجھتے ہیں۔ بارہ سالہ غلام سرور شودر اور اچھوت تھا۔ جسکی المناک موت پر حلقے کے،، اعلیٰ خاندانی،، سابقہ وفاقی وزیر جنرل عبدالقادر، ایم۔ این۔ اے احسان ریکی، سابق ایم۔ این۔ اے سردار فتح محمد، سابقہ وزراء میر مجیب محمد حسنی، میر حبیب محمد حسنی، کریم نوشیروانی سمیت کسی نے مذمت تک نہیں کی۔ شرمناک بات ہے یہ ہے کہ جمعیت علماء اسلام، بی۔ این۔ پی، نیشنل پارٹی، سمیت ایک بھی پارٹی نے اس معصوم کی دردناک موت پر احتجاج تک نہیں کیا۔

کیا جمعیت والو کیا غلام سرور مسلمان نہیں تھا؟
قوم پرستو کیا یہ بلوچ نہیں تھا؟

ہاں اس بدبخت کا واحد قصور یہ تھا کہ یہ ایک غریب چرواہے کا بیٹا تھا، کسی نواب، سردار، میر، ایم۔ پی۔ اے۔ ایم۔ این۔ اے کا بیٹا نہیں ں تھا۔ جن کے کتوں کے لئے بھی ہم تعزیت کرتے ہیں۔

ان کو ہم اچھوتوں کے ووٹ کی ضرورت ہے بس۔ ان کی انسانیت مرگئی ہے۔ مگر دوسری جانب ایسے باضمیر اور جرات مند انسان پروفیسر عبید ابدال، ابرار برکت اور کچھ دیگر ہیں۔ جنھوں نے سماج اور نام نہاد مذہبی اور قوم پرست پارٹیوں کو للکارا کہ تم گونگے، اندھے اور بہرے بن گئے ہو۔ تمہاری زبانوں پر تالا ہے۔ تم نے چوڑیاں پہنی ہیں۔ ہم تمہاری نظروں میں اچھوت ہی سہی مگر باضمیر انسان ہیں انھوں نے اس درندگی کے خلاف بھرپور اور مردانہ وار آواز اٹھائی۔ شاباش پروفیسر صاحب، ابرار برکت اور دیگر باہمت جوانوں۔ زندہ باد۔ تم نے انسانیت کا سر فخر سے اونچا کیا۔

ویسے اگر تھوڑا ضمیر، تھوڑی شرم اور حیا ہو۔ پیٹک زابد ریکی صاحب (تہہ دل سے دوبارہ اس کی صحت یابی کے لئے دعا گو ہیں) کو جہاز میں فوراً کراچی بلکہ لندن لیجاو۔ مگر اس اچھوت اور مردہ غلام سرور کی میت کے لئے ایک اچھی ایمبولینس تو دو، پیٹک زابد ریکی کی خبر تمام میڈیا میں دو مگر اس اچھوت بچے سے درندگی کے خلاف صرف ایک مذمتی خبر تو دو پیٹک حاجی صاحب کی تصویر کے ساتھ اپنی ڈرامہ باز غمگین چہرے کی تصویر شیئر کرو مگر غلام سرور کے مجبور والد کو بھی جھوٹی تسلی کے کچھ الفاظ ہی کہو۔ کم از کم اس درندگی کے خلاف ایک لفظ تو بولو۔ ہاں۔۔ ہاں۔۔ یہ اور ان کے بچے غریب اور تمہارے سامنے،، شودر، ،اور،، اچھوت،، ہی سہی۔ مگر یاد رکھو یہ تمہارے برابر بلکہ تم سے بہت اعلیٰ انسان ہیں۔

تم نے غلام سرور کی دردناک شہادت پر ان کی بے بسی کا مذاق اڑایا۔

تم نے اعلیٰ نسل اور شودر کے درمیان لکیر کھینچی۔

خود کو آقا اور انھیں غلام سمجھا مگر یاد رکھو۔

علی حسن میرانی کے اکلوتے شہید بیٹے نے ہمیں جینے کا شعور دیا۔

بارہ سالہ معصوم بچے کے خون اور کچلی ہوئی لاش کی قسم ہم لوگ چندی سہی مگر تمہاری کم ظرفی، گندی سیاست اور،، اعلیٰ نسل،، کے غرور کو اپنے شعور سے ایسی کچل دینگے کہ تمہاری ساتھ نسلوں کی چیخیں نکلیں گی۔ کرم کرو گے کرم کریں گے۔

ستم کرو گے ستم کریں گے
ہم آدمی ہیں تمہارے جیسے
جو تم کرو گے وہ ہم کرینگے

☆☆☆☆☆

سپاہی اور تاجر کا فرق

سمیع اللہ ملک

(گزشتہ سے پیوستہ) اسی طرح کشمیر میں بھی درجنوں شہدا کے قبرستان وجود میں آچکے ہیں اور ان شہدا کے قبرستان سے مجھے کشمیر کا مرد حر سید علی گیلانی یاد آگئے جنہوں نے ان شہدا کے قبرستان میں دفن ہونے کی وصیت کی تھی لیکن بزدل ہندو بنیا ان کی میت سے بھی اس قدر خوفزدہ ہوا کہ زبردستی ان کے اہل خانہ سے ان کی میت چھین کر اپنی مرضی سے حیدر پورہ کے قبرستان میں دفن کر دیا اور بعد ازاں انکے اہل خانہ پر مقدمہ دائر کر دیا گیا کہ انہوں نے اس میت کو پاکستانی جھنڈے میں کیوں لپیٹ کر رکھا ہوا تھا۔

ان کے وصال سے چند گھنٹے قبل کی ویڈیو نے تو ساری دنیا کو ششدر کر دیا تھا کہ کس طرح اللہ اور رسول ﷺ کی گواہی دینے کے بعد پاکستان کے قومی ترانے کے بول ان کے لبوں پر تھے، جب موت سامنے ہو تو بڑے بڑے بہادروں کا پتہ پانی ہو جاتا ہے اور صرف صاحب کردار ہی ایسی مثالیں قائم کرنے کی ہمت رکھتے ہیں۔ میری جب ان سے آخری مرتبہ بات ہوئی تو بڑی دلسوزی سے فرمایا: "سننے میں آیا ہے کہ پاکستان بھارت کو موسٹ فیورٹ ملک کا درجہ دینے کیلئے تیار ہے اور اب صرف کسی بھی وقت اعلان کرنا باقی ہے۔ اس بارے میں ہم جموں وکشمیر کے مظلوم عوام کی ترجمانی کرتے ہوئے کہیں گے کہ ہمیں بھارت کے ساتھ کوئی دشمنی ن

شال بقیہ 1

نہ صرف صوبے کیلئے خوبصورتی کی علامت ہے بلکہ یہاں موجود جنگلی حیات بھی دنیا بھر میں نایاب تصور کی جاتی ہے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت سیاحت کے فروغ کے لیے صوبہ کے پرکشش ساحلی مقامات پر سیاحوں کی سہولیات کے لیے ریزورٹس اور ہیلیپیڈ بنا رہی ہے صوبہ کے تاریخی ورثے کو محفوظ بنانے کے لئے مری قلات شاہی تمپ اور مائی پیر جیسے سیاحتی مقامات کا تحفظ کیا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ سیاحوں کو صوبہ کی جانب راغب کرنے کے لیے محکمہ سیاحت کی جانب سے مختلف اقدامات بھی اٹھائے جا رہے ہیں تاکہ یہ اہم شعبہ بھی صوبہ کی معیشت میں اپنا کردار ادا کر سکے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت سیاحوں کو مکمل تحفظ فراہم کرے گی اور ملکی اور بین الاقوامی سیاحوں کی بلوچستان آمد سے صوبے کا مثبت عکس بھی اجاگر ہوگا۔

شال بقیہ 2

چاہیے۔ شہباز شریف نے کہا کہ ہمیں سیاسیت اور سیاسی پوائنٹ اسکورنگ سے پرہیز کرنا چاہیے، جلسے جلوسوں میں سیاست کرنے اور دکھی انسانوں کی خدمت نہ کرنا اس سے بڑی زیادتی اور ظلم کوئی نہیں ہوسکتا۔ انہوں نے حکومت سندھ کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومتیں متاثرین کے لیے بھرپور کام کر رہی ہیں، جنہوں میں ادویات کا بھی انتظام ہے، سیلاب متاثرین کے لیے کھانا فراہم کیا جا رہا ہے، صوبائی اور وفاقی حکومتیں مل کر کام کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نیوی اور پاکستان آرمی، پولیس، پی ڈی ایم اے سیلاب متاثرین کی مدد کیلئے دن رات کام کر رہی ہیں، سیلاب سے 3 کروڑ 30 لاکھ شہری متاثر ہوئے، لاکھوں خاندان بے گھر ہوگئے، متاثرین کی مدد کے لیے ریسکیو کا کام جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر، نیچر، سیاستدان اور ہر شعبے سے منسلک افراد اس مشکل وقت میں کام کر رہے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ اقوام متحدہ میں ہم نے پاکستان میں سیلاب کی تباہ کاریوں کے حوالے سے بات کی ہے، ہر فورم پر پاکستان کی مشکلات کے حوالے سے بھرپور آواز اٹھائی ہے، دنیا پاکستان کی مشکلات سے آگاہ ہے، انہوں نے سیلاب زدگان کے لیے امداد بھیجنے پر تمام ممالک کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں پہاڑ جیسا چیلنج ہم اکیلے حل نہیں کر سکتے، دنیا کو ہمارے ساتھ کھڑا ہونا ہوگا کیونکہ یہ انسان کی لائی ہوئی آفت ہے، اس ماحولیاتی آلودگی میں ہمارا کردار اور حصہ بہت کم ہے، عالمی سطح پر کاربن کے اخراج میں ہمارا حصہ ایک فیصد سے بھی کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے 25 ہزار روپے امداد دینے کا اعلان کیا گیا تھا، اب تک 42 ارب روپے تقسیم ہو چکے ہیں، دادو میں جن گھروں میں رقم تقسیم نہیں ہوئی وہاں بھی رقم تقسیم کی جائے، ہم اس مشکل سے نکلیں گے اور پاکستان کو دوبارہ آباد کریں گے، سیلاب سے جنگ میں اللہ ہمیں فتح دیں گے، تمام وسائل کو بروئے کار لا کر ملک کو دوبارہ ترقی کرینگے۔

شال بقیہ 3

طویل ساحلی پٹی اور سنگلاخ پہاڑوں سمیت یہاں مہر گڑھ جیسی قدیم تہذیب بھی ملتی ہے صوبے میں میری قلات، شاہی تمپ اور مائی پیر جیسے مقامات نہ صرف صوبے کی قدیم تہذیبی روایت کا عکس رکھتی ہے بلکہ دنیا بھر کے سیاحوں کے لیے بھی جاذبیت کا باعث ہے انہوں نے ملکی اور بین الاقوامی سیاحوں کی بلوچستان آمد کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت بھی سیاحوں کو مکمل تحفظ فراہم کرے گی اور صوبے کے تمام سیاحتی مقامات پر سیکورٹی فراہم کرے گی صوبائی مشیر نے کہا کہ دنیا بھر میں سیاحت کو ایک انڈسٹری کے طور پر لیا جاتا ہے، ہماری بھی یہ کوشش ہے کہ ہم سیاحت کو فروغ دے کر صوبے کی معیشت کو مستحکم بنائیں اور صوبے کے سیاحتی مقامات کو ملکی اور بین الاقوامی سطح پر بھرپور انداز میں اجاگر کریں۔

شال بقیہ 4

کو کم کرنے کا دعویٰ کیا تھا، مہنگائی ملک میں 50 سال کی سب سے بلند سطح پر ہے، فضل الرحمان اسلام کو بیچتا ہے، کرسی کے بدلے ان سے اپنی مرضی کا فتویٰ لیا جا سکتا ہے، اسے دیکھ کر لوگ اسلام سے دور ہو جاتے ہیں، اس کے ضمیر کی قیمت ڈیزل کا ایک پرمٹ ہے۔ تاجر کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین نے کہا کہ جو پاکستان کے ساتھ ہوا وہ کوئی دشمن بھی نہیں کر سکتا تھا، ستر سال بعد اکنامک سروے کے مطابق پاکستان میں 6 فیصد گروتھ ہو رہی تھی، ایکسپورٹ پر توجہ دینے والے ممالک ہم سے آگے نکل گئے، جب سے دو مافیا خاندان آئے بھارت، بنگلا دیش پاکستان سے آگے نکل گئے، 60 کی دہائی میں غریب ممالک پاکستان کے ماڈل کو فالو کرتے تھے، جب سے یہ دو خاندان آئے ملک مقروض اور یہ امیر ہوتے گئے، 60 کی دہائی میں ملک کی انڈسٹریز تیزی سے بڑھ رہی تھی، پہلی دفعہ ہماری حکومت میں انڈسٹریز میں 11 فیصد اضافہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ کورونا کے باوجود ہماری ایکسپورٹ بڑھ رہی تھی، کورونا کے باوجود معاشی حالات بہتر ہو رہے تھے، ہمارے دور میں ریکارڈ 32 ارب ڈالر ایکسپورٹ تھی، ہمارے دور میں ریکارڈ ٹیکس اکٹھا کیا گیا، ملک آگے بڑھ رہا تھا اس دوران بیرونی سازش کے تحت چوروں کو مسلط کیا گیا، آج پاکستان میں پچاس سالہ مہنگائی کے ریکارڈ ٹوٹ گئے ہیں، ہمارے دور میں 16 روپے فی یونٹ آج 45 روپے تک پہنچ گیا، تنخواہ دار طبقے کے لیے قیامت آچکی ہے، میرا سوال ہے کونسی قیامت آئی تھی اب ملک میں ہر چیز مہنگی ہو گئی، عالمی مارکیٹ میں آج گھی کی قیمتیں کم ہو چکی ہیں۔

شال بقیہ 5

ہے، صوبے میں گندم کے بحران کے حوالے سے وزیراعظم سے ملاقات کی ہے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام غریب ہے حالیہ بارشوں اور سیلاب میں مال مویشی زراعت باغات تباہ ہو چکے ہیں وزیراعظم نے یقین دہانی کرائی ہے کہ بلوچستان کے بحران کیلئے پیکیج فراہم کیا جائے گا، انہوں نے کہا کہ پرائیویٹ زخیرہ اندوزوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے کئی افراد کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے صوبے کے عوام کو سستا آٹا فراہم کرنے کے لئے مختلف اضلاع میں سستا آٹا کے اسٹال لگائے جا رہے ہیں، تاکہ عوام کو ہر ممکن ریلیف فراہم کیا جا سکے۔

شال بقیہ 6

مانگا ہے زیادہ نہیں مانگا جمعیت اپنے طور پر فیصلہ کر چکی ہے اگر معاملات آگے نہیں بڑھتی تو ہم اپوزیشن میں ہونگے شمولیت کی دعوت حکومت کی طرف سے دی گئی ہے ہم نے اپنی خواہش ظاہر کی اور نہ ہی کسی سے کہا ہے، ہماری اپنی ایک روایت ہے بارہا ہمارے ارکان کو شمولیت کی دعوت دی گئی اب کے بار ہم نے شمولیت کیلئے اپنے شرائط رکھے اور مناسب سمجھا کہ حکومت کی دعوت قبول کی جائیں انہوں نے کہا کہ اس وقت بلوچستان میں سیلاب متاثرین کا کوئی پرسان حال نہیں اگر ہماری جماعت حکومت میں شامل ہو کر متاثرین کی دادرسی اور ہنگامی بنیادوں عوام کی خدمت کیلئے یہ فیصلہ کیا جمعیت علماء اسلام حکومت کا حصہ بن کر لوگوں کی خدمت اور انہیں ریلیف کیلئے مل کر کام کرے، سیلاب متاثرین کیلئے وسائل حکومت کے پاس ہے ہمارے ہاتھ خالی ہے اس لئے حکومت کا حصہ بن کر سیلاب متاثرین کی بحالی کیلئے بہتر سمجھا کہ شمولیت کی جائیں ہماری تاریخ رہی ہے کہ جب بھی ہم حکومت میں رہے اور وہاں عوام کی خدمت نہیں کر سکے تو پھر استعفیٰ دیکر نئے بنائے حکومت سے نکل گئے جس حکومت میں عوام کی خدمت نہ ہوں اور ہمارے نظریات کی پاسداری نہ ہوں تو ہم پہلے حکومت کا حصہ بنے ہیں نہ آئندہ شامل ہونگے، سیلاب زدگان کا اس وقت مدد ممکن ہے جب ہمارے پاس مکمل اختیار ہوں جب اختیار نہ ہوں تو عوام بے یار رہتی ہے، انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان نے محسوس کیا کہ جمعیت کے بغیر حکومت ممکن نہیں تو اصرار کیا کہ جمعیت شامل ہوں۔

شال بقیہ 7

نہ تھمنا گیا تو اس کے اثرات طویل مدت کے لئے ہوں گے۔ امریکا نے سیلاب زدگان کے لیے پاکستان کو 55 ملین ڈالر سے زائد کی امداد فراہم کی ہے۔ وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے خطاب میں کہا کہ پاکستان اور امریکا کے درمیان سفارتکاری واپس آئی ہے۔ پاکستان میں 3 کروڑ سے زائد افراد سیلاب سے متاثر ہیں۔

شال بقیہ 8

ریلوے کالونی کے قریب نامعلوم افراد نے گاڑی پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں 25 سالہ زریان ولد سرجن ناصر، 20 سالہ صدران ولد سرجن ناصر اور 8 سالہ زران ولد سرجن ناصر جاں بحق ہو گئے۔ پولیس نے لاشوں کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر دیا جہاں ضروری کاروائی کے بعد لاشیں ورثاء کے حوالے کر دی گئیں، مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 9

منعقد کیے جائیں گے جن کا باقاعدہ افتتاح گورنر، وزراء اور جید علماء و مشائخ کریں گے۔ اس سلسلے میں سیرت النبی ﷺ مجالس کے انعقاد کے لیے صوبائی اور ضلعی سطح پر سیرت النبی ﷺ کمیٹیاں بھی تشکیل دی جائے گی جس میں سیرت طیبہ سے متعلق مضامین، نعت خوانی، تقاریر اور سیرت النبی ﷺ کوئز منعقد کیے جائیں گے۔ اعلامیہ میں مزید کہا گیا ہے کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات کو اجاگر کرنے کے لیے سیرت النبی ﷺ سے متعلق تحریری مقابلے بھی ہونگے۔ جس میں قومی، علاقائی اور غیر ملکی زبانوں میں سیرت النبی ﷺ سے متعلق کتب، نعت کتب، اسلامی کتب، مقالات سیرت النبی ﷺ اور جرائد شامل ہونگے۔ اسی طرح حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی پر صوبائی سطح پر تعلیمی اداروں میں سیمینارز کا انعقاد کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں 12 ربیع الاول کو عام تعطیل ہوگی جبکہ تمام تعلیمی اداروں اور پبلک پلاز میں سیرت النبی ﷺ سے متعلق تقریبات ہونگے۔

شال بقیہ 10

منگل کو یہاں ان سے ملاقات کی۔ وزیراعظم نے خادم الحرمین الشریفین سلمان بن عبدالعزیز السعود اور ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے سعودی ولی عہد کے ساتھ ٹیلی فون پر اپنی حالیہ گفتگو کا ذکر کیا اور کہا کہ مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید مستحکم کرنے کی مشترکہ خواہش ہے، دوطرفہ تعلقات میں اضافہ کی رفتار کو برقرار رکھنے کے لئے وزیراعظم نے مختلف سطحوں پر باقاعدہ دوطرفہ تبادلوں کی اہمیت پر زور دیا۔ وزیراعظم نے سعودی عرب کی طرف سے امدادی امداد کی فراہمی سمیت پاکستان میں سیلاب زدگان کے لئے بھرپور حمایت کے اظہار پر سعودی عرب کی قیادت اور عوام کا شکریہ ادا کیا۔ وزیراعظم نے امدادی سرگرمیوں میں سعودی عرب کے سفیر کے اہم کردار کو بھی سراہا جنہوں نے ذاتی طور پر سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا۔

شال بقیہ 11

ی۔ اس موقع پر سیکرٹری مواصلات بیگین رخرم آغا، مولانا لطف الرحمان، مفتی ابرار احمد، میئر زبیر علی بھی موجود تھے۔ آئی جی موٹروے پولیس خالد محمود نے وفاقی وزیر مولانا اسعد محمود کو موٹروے پولیس کی کارکردگی سے آگاہ کیا۔ ملاقات کے دوران وفاقی وزیر مولانا اسعد محمود نے سیلاب کے دوران ٹریفک کی روانی پر موٹروے پولیس کی کارکردگی کو سراہا۔ انکا کہنا تھا کہ موٹروے اینڈ ہائی ویز پر مسافروں کے سفر کو مزید محفوظ بنانے کیلئے اقدامات کئے جائیں۔

شال بقیہ 12

کے مطابق ڈھاڈر ریجو پولیس لائن کے قریب عدالتی پیشی سے واپسی پر دو نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے صدر ولد واحد بخش قوم ابڑو اور دلبر خان ولد منظور احمد ابڑو سکنہ پیر تیار غازی کو شدید زخمی کر دیا۔ پولیس نے زخمیوں کو فوری پر سول ہسپتال ڈھاڈر منتقل کر دیا جہاں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے صدر ولد واحد بخش جاں بحق ہو گیا۔ دلبر کو طبی امداد دینے کے بعد مزید علاج کیلئے سبی منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق واقعہ قبائلی دشمنی کا شاخسانہ ہے، مزید کارروائی ڈھاڈر پولیس کر رہی ہے۔

شال بقیہ 13

جاری۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان آرمی اور ایف سی کے جوان سول انتظامیہ کے ساتھ مل کر سیلاب سے متاثرہ علاقوں کوہلو، بولان، سبی، ڈیرہ مراد جمالی، جعفر آباد، نصیر آباد، صحبت پور اور جھل مگسی میں 14 ریلیف کیمپس کام کر رہے ہیں جہاں 17880 سیلاب زدگان کو دیگر سہولیات کے ساتھ ساتھ پکا ہوا کھانا بھی فراہم کیا جا رہا ہے۔ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں راشن کے پیکٹس ہیلی کاپٹرز کے ذریعے بھی پہنچائے جا رہے ہیں۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران بولان، سبی، قلات، خضدار، آواران، جعفر آباد، نصیر آباد، جھل مگسی اور صحبت پور میں 3070 راشن کے پیکٹس، 12150 پانی کی بوتلیں، چائے کی پتی اور اسکے علاوہ 2000 کمبل، 4589 مچھر دانیاں، بستر، گرم کپڑے، حفظان صحت کی کٹس وغیرہ بھی مستحق متاثرین میں تقسیم کی گئیں۔ صحبت پور کے بیشتر علاقوں سے پانی کی نکاسی کا عمل بھی جاری ہے۔

شال بقیہ 14

کے مطابق لیویز کیو آر ایف نے خفیہ اطلاع پر تھیل ماوند میں کاروائی کرتے ہوئے حب چوکی سے اغوا ہونے والے خاتون (س) کو دو بچوں صفیہ بی بی اور عبدالخان کے ہمراہ بازیاب کر لیا جبکہ کاروائی کے دوران لیویز فورس نے ملزم فاروق کو بھی گرفتار کر لیا ہے مزید تفتیش جاری ہے۔

شال بقیہ 15

عائد کر دیے۔ کوئٹہ کے علاقوں قمبرانی روڈ اور چوہدری روڈ میں دوران معائنہ صفائی کی خراب صورتحال سمیت مختلف وجوہات پر 3 ریسٹورنٹس، 2 جنرل اسٹورز، 2 بوٹلرز، 1 میٹ شاپ 1 فوڈ پوائنٹ اور 1 جوس کارنر کے خلاف ایکشن لیا گیا۔ اسی طرح ایس او پیز کی خلاف ورزی پر قلات میں 2 میٹ شاپس، 1 کولڈ ڈرنکس ڈسٹری بیوشن یونٹ، گوادر میں 2 جنرل اسٹورز اور 1 پان شاپ جبکہ قلعہ سیف اللہ میں 2 گوشت کی دکانوں پر جرمانے عائد کیے گئے۔ ڈائریکٹر جنرل بلوچستان فوڈ اتھارٹی محمد نعیم بازئی کا اس سلسلے میں کہنا ہے کہ صحت عامہ کو مدنظر رکھتے ہوئے نہ صرف اداروں بلکہ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے کہ فوڈ سیفٹی کے اصولوں کو ہرگز پس پشت نہ ڈالیں۔ چاہے ریسٹورنٹس ہوں یا گھر میں خوراک کی تیاری، حفظان صحت کے اصولوں کو اپنی روزمرہ زندگی کا لازمی جزو بنانا مختلف بیماریوں سے بچنے آسان طریقہ ہے۔

شال بقیہ 16

ہوئے کہا کہ ملزمان کو جلد از جلد کرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں پیش کیا جائے۔ مشیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے ہدایت کی کہ سپرد اکزری افسران متعلقین کے لواحقین سے قریبی رابطہ رکھیں اور لواحقین کو انصاف کی فراہمی ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنائی جائے۔

شال بقیہ 17

گروپ دونوں ممالک کی پارلیمنٹ کے درمیان تعلقات کو وسعت دینے کے لیے سرگرم عمل ہے، پاکستان دوطرفہ تجارت اور دیگر اقتصادی شعبوں میں تعاون کا خواہاں ہے، حالیہ سیلاب کے دوران پاکستان کو بے پناہ نقصان اٹھانا پڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماحولیاتی تباہی سے نمٹنے کے عالمی فنڈز کا قیام ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ روانڈہ میں منعقد ہونے والی آئی پی یو کانفرنس کے موقع پر پاکستان میں ہونی والی ماحولیاتی تباہی کو زیر بحث لانا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی اسمبلی آف پاکستان نے روانڈا میں 11 سے 15 اکتوبر 2022 سے شروع آئی پی یو کانفرنس میں پاکستان میں ہونے والی تباہی سے متعلق آئی پی یو کے سیکرٹری جنرل کو پنکامی ایجنڈے کے طور پر شامل کرنے کے لیے خط ارسال کر دیا ہے۔

شال بقیہ 18

عدالت میں پیش ہوئے جبکہ مقدمے کا تفتیشی افسر ریکارڈ سمیت عدالت میں پیش ہو گیا۔ دوران سماعت وکیل بابر اعوان نے عمران خان کی حاضری سے استثنا کی درخواست دائر کرتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ عمران خان لاہور میں ہونے کی وجہ سے پیش نہیں ہو سکتے۔ بعد ازاں ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد نے سابق وزیراعظم عمران خان کے خلاف جلاؤ گھیراؤ، توڑ پھوڑ اور دفعہ 144 کی خلاف ورزی کے کیسز میں عبوری ضمانت میں 13 اکتوبر تک توسیع کر دی۔

شال بقیہ 19

ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اس تشویش کا اظہار نیشنل کمانڈ اتھارٹی کے مشیر لیفٹیننٹ جنرل (ر) خالد احمد قدوائی نے سینئر فار انٹرنیشنل اسٹریٹجک اسٹڈیز اور دی انٹرنیشنل کے زیر اہتمام جنوبی ایشیا میں اسٹریٹجک استحکام کے موضوع پر آٹھویں ورکشاپ میں اظہار خیال کے دوران کیا۔ انسٹی ٹیوٹ فار اسٹریٹجک اسٹڈیز کے بیان کے مطابق انہوں نے کہا کہ بھارت کے جوہری ہتھیاروں کا کنٹرول اب ایک انتہا پسند بنیاد پرست قیادت کے ہاتھ میں آچکا ہے، ساتھ ہی زہریلے نظریے کا زہریلا مرکب اور جوہری ہتھیاروں کی تحویل جنوبی ایشیا میں اسٹریٹجک استحکام کے لیے سنگین خطرات میں ایک نیا رخ ہے۔ خالد احمد قدوائی نے خبردار کیا کہ یہ پیش رفت نہ صرف جوہری ہتھیاروں سے لیس جنوبی ایشیا کو متاثر کرے گی بلکہ باقی دنیا پر بھی اس کے اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ بھارت کے اعلیٰ جوہری ادارے، انڈین نیشنل کمانڈ اتھارٹی کی قیادت وزیراعظم نریندر مودی کرتے ہیں۔

شال بقیہ 20

کے اضافے کا تخمینہ لگایا ہے جس میں کراچی سمیت نیشنل گرڈ میں ملک کی بجلی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے تقریباً 55 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری درکار ہوگی، اس طرح کل نصب شدہ صلاحیت موجودہ 41 ہزار میگاواٹ سے بڑھ کر 65 ہزار میگاواٹ تک پہنچ جائے گی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق یہ 2022 سے 2031 کے لیے انٹیگریٹیڈ جنریشن کیپیسٹی ایگزیمپشن پلان کا حصہ ہے جسے ریاستی ملکیت کی حامل نیشنل ٹرانسمیشن اینڈ ڈسپیچ کمپنی نے حتمی شکل دی ہے اور یہ 4.3 فیصد، 3.4 فیصد اور 4.5 فیصد کے ساتھ بالترتیب کم، درمیانی اور اونچے درجے کی شرح نمو پر مبنی ہے۔ بنیادی کیس کا منظر نامہ انٹیگریٹیڈ جنریشن کیپیسٹی ایگزیمپشن پلان طویل مدتی پیش گوئی، موجودہ کنٹریکٹ کی ذمہ داریوں اور پاور پروجیکٹس کی ریٹائرمنٹ کے منظر نامے کو مدنظر رکھتے ہوئے متعلقہ پاور پرچیز ایگریمنٹ کی شرائط کے مطابق تیار کیا گیا ہے۔

شال بقیہ 21

کے مطابق مسوزئی کے مقام تری تنگ میں مکان گرنے کے بعد ملبے تلے دبے 5 افراد کی لاشیں نکالی جا چکی ہیں۔ ریسکیو 1122 کے مطابق مکان منہدم ہونے کی اطلاع ملتے ہی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر امدادی سرگرمی شروع کی اور لاشوں کے علاوہ ملبے سے 11 زخمیوں کو بھی نکالا گیا ہے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق لاشوں اور زخمیوں کو ڈی ایچ کیو صدر اور ٹی ایچ کیو ڈگر منتقل کر دیا گیا جہاں زخمیوں کو طبی امداد دی جا رہی ہے۔

شال بقیہ 22

مختلف امراض کے 6 ہزار سے زائد کیسز رپورٹ۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے ضلع نصیر آباد سمیت سیلاب سے متاثر علاقوں میں وبائی امراض تیزی کے ساتھ پھیلنے لگے گزشتہ روز بلوچستان کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں گزشتہ روز مجموعی طور پر 6 ہزار 7 سو 62 مریض رپورٹ ہوئے جن میں سے سب سے زیادہ کیس 3631 ملیریا کے رپورٹ ہوئے ہیں جبکہ سانس کے امراض کے 1101، اسہال کے 622، جلد کے امراض کے 1028، امراض چشم کے 245، ہیپٹ کے 133، ڈینگی کے 2 مریضوں کی تصدیق ہوئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق صوبے میں 20 ستمبر سے اب تک ان بیماریوں کے 39 ہزار 8 سو 65 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں جبکہ محکمہ صحت کی جانب سے گزشتہ روز صوبے میں 12 میڈیکل کیمپس کا انعقاد کیا گیا جہاں ان مریضوں کو طبی سہولیات فراہم کی گئیں۔

شال بقیہ 23

طے کرنے پر اتفاق ہوا ہے جبکہ دونوں جماعتوں نے حتمی مشاورت کے لئے وزیراعلیٰ بلوچستان عبدالقدوس بزنجو، بی این پی مینگل کے قائد سردار اختر جان مینگل اور چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی شریک تھے جنہوں نے بلوچستان کے موجودہ سیاسی صورتحال کے ساتھ ساتھ بی این پی کے حکومت میں شامل ہونے پر بھی بات چیت کی ذرائع کے مطابق بی این پی مینگل نے اس حوالے سے بے یو آئی کے ساتھ مشترکہ لائحہ عمل طے کرنے پر حامی بھرتے ہوئے حتمی مشاورت کیلئے وقت مانگا ہے۔

شال بقیہ 24

سمیت کراچی کے بلدیاتی الیکشن کی تاریخ دوبارہ آگے کر دی گئی، سندھ حکومت اپنا ٹیکس لگا لیتی ہے، ہر چیز پر ٹیکس ہے، یہ اب بات کرنے اور سانس لینے پر بھی ٹیکس لگا دیں گے۔

شال بقیہ 25

ے 140 اور عوامی نیشنل پارٹی کے رحم الدین نے 60 ووٹ لیکر بالترتیب تیسرے، چوتھے اور پانچویں نمبر پر رہے۔ الیکشن میں کل 744 ووٹ کاسٹ ہوئے۔ جس میں 366 مردانہ، 328 زنانہ ووٹ شامل ہیں جبکہ 50 ووٹ ریجیکٹ ہوئے۔ یوں یہ الیکشن پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے امیدوار نصیب اللہ نے 12 ووٹوں سے جیت لیا۔

شال بقیہ 26

پولیو ایک خطرناک موذی مرض ہے جس کا تدارک کرنا معاشرے کے ہر باشعور شہری کا فرض ہے۔ آج سے شروع ہونے والی سات روزہ پولیو مہم کے دوران پورے ضلع ژوب میں پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو کے قطرے پلوائے جائیں گے پولیو فری پاکستان ہمارا قومی مشن ہے جس کو کامیاب بنانے کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے گی انہوں نے مزید کہا کہ مہم کے دوران تمام عملے کو فول پروف سکیورٹی دی جائے گی پولیو وائرس ان بچوں کو اپنا نشانہ بنا سکتا ہے جو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پینے سے محروم رہ جاتے ہیں اس ضمن کسی بھی قسم کی غفلت اور کوتاہی ناقابل برداشت ہے پولیو کے خاتمے کیلئے ہم سب کو اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔

شال بقیہ 27

وقت بدستور چیئرمین ڈائس کے سامنے احتجاج کرتے رہے، اپوزیشن ارکان نے چور چور کے نعرے بازی کی، پی ٹی آئی ارکان نے پلے کارڈز اٹھائے احتجاج کیا، حلف برداری کے بعد اپوزیشن ارکان نے اسحاق ڈار کی نشست کا گھیراؤ کیا، اپوزیشن ارکان نے ایجنڈے کی کاپیاں پھاڑ دیں، شدید احتجاج کے بعد چیئرمین نے سارجنٹ کو بلا لیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے قائد ایوان اور وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ اتحق ڈار منتخب سینیٹر ہیں، انہوں نے حلف اٹھایا ہے، ہم ان کو خوش آمدید کہتے ہیں، اور توقع رکھتے ہیں کہ جس طرح پہلے انہوں نے ملک کی خدمت کی ہے، وہ اب بھی اس ایوان کا حصہ بن کر پاکستان کو مشکلات سے نکالیں گے۔

شال بقیہ 28

شیخ الفواج کے سربراہان سمیت اہم وزراء شریک ہونگے۔ اجلاس میں آئی ایس آئی اور آئی بی کے سربراہان بھی شرکت کرینگے۔ ذرائع نے بتایا کہ آئی بی اور آئی ایس آئی کے سربراہان خفیہ ریکارڈ تھنکر کے متعلق قومی سلامتی کمیٹی کو بریف کرینگے۔ نیشنل سیکورٹی اجلاس میں سیلاب کی صورتحال، سیکورٹی اور دیگر معاملات پر مشاورت ہوگی۔ ذرائع کے مطابق نیشنل سیکورٹی کمیٹی اجلاس میں اہم فیصلے متوقع ہیں جبکہ وزیراعظم آفس میں ہونے والی گفتگو کی آڈیو لیک کا معاملہ بھی زیر غور آئے، اجلاس میں امن و امان کی صورتحال کے حوالے سے بریفنگ دی جائیگی۔

شال بقیہ 29

ایسی درخواست لائی گئی تو مثالی جرمانہ کریں گے، پارلیمنٹ کی مزید بے توقیری نہ کریں، ای مائنڈ سینٹ نے پارلیمنٹ کو نقصان پہنچایا ہے۔ شیخ رشید کے وکیل نے کہا کہ اس حوالے سے عدالت کے علاوہ ہمارے پاس اور کوئی فورم نہیں ہے۔ چیف جسٹس اطہر من اللہ نے کہا کہ اس پارلیمنٹ کی بہت بے توقیری ہو چکی، ایسی درخواست عدالت نہیں آنی چاہیے، پارلیمنٹ میں منتخب نمائندے ہیں، وہ فورم ہے، وہاں جائیں، عدالت مداخلت نہیں کرے گی۔ عدالت نے استفسار کیا کہ مشیر جب حکومت میں تھے تو کیا آپ نے وہ معاونین خصوصی اور مشیروں کی لسٹ لگائی تھی؟ چیف جسٹس اطہر من اللہ نے کہا کہ شیخ رشید وزیر داخلہ تھے تو کیا انہوں نے اڈیالہ جیل کا دورہ کیا، ان کو اندازہ نہیں وہاں ہو کیا ہو رہا ہے، شیخ صاحب! آپ کا احترام ہے، آپ پارلیمنٹ کی بے توقیری نہ کریں۔

شال بقیہ 30

ہے 28 یوگیوں پر مشتمل ترین غذائی اجناس اور زیادہ تر گھریلو استعمال ہونے والے اشیا شامل ہے ترکیہ کی جانب سے ایک پانچ ٹرینوں پر مشتمل 117 یوگیوں سامان پاکستان پہنچ چکی ہے ذرائع کے مطابق پاک ایران ریلوے ٹریک متاثر ہونے کی سبب سامان دالبندین ریلوے اسٹیشن اتارا جا رہا ہے یہاں سے بائی روڈ مزدوں اور ٹرالر گاڑیوں کے ذریعے متاثرہ علاقوں میں روانہ کر رہے ہیں۔

شال بقیہ 31

حافظ دوست محمد حافظ رحمان گل اور دیگر نے کہا کہ سیلاب متاثرین کو جلد ریلیف کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے، سردیوں کی آمد ہے مکانات کی جلد تعمیر ضروری ہے، انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل کے لیے جمعیت علماء اسلام کے کارکنان اپنے آپ کو وقف کریں، سیلاب متاثرین کی دادرسی کے لیے دن رات ایک کر کے بلاتفرق محنت کرنے پر کارکنان کا کردار قابل تعریف ہے۔ جمعیت اپنی مدد آپ کے متاثرین کے ساتھ تعاون کر رہی ہے، جمعیت کے کارکنان خدمت انسانیت کو فروغ دے کر زیادہ سے زیادہ تعاون کو شعار بنائیں، بلاتفریق پوری انسانیت کی خدمت ہمارا نصب العین ہے، انہوں نے کہا کہ انسانوں سے پیار و محبت اور ضرورت مند انسانوں کی مدد کے عمل کو ہر دین اور مذہب میں تحسین کی نظر سے دیکھا جاتا ہے لیکن دین اسلام نے خدمت انسانیت کو بہترین اخلاق اور عظیم عبادت قرار دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو یکساں صلاحیتوں اور اوصاف سے نہیں نوازا بلکہ ان کے درمیان فرق و تفاوت رکھا ہے۔

شال بقیہ 32

میں 2 پائلٹس سمیت 6 فوجی جوانوں کی شہادت پر دل رنجیدہ ہے، پوری قوم غمزدہ خاندانوں کے دکھ اور غم میں برابر کے شریک ہے شہدا کے خراج عقیدت پیش کرتے ہے جنہوں نے ملک و قوم کی دفاع کیلئے اپنے جانوں کے نظرانے پیش کر کے جام شہادت نوش کیا اپنے جاری کردہ بیان میں سکینہ عبداللہ خان نے کہا کہ پاک فوج کے جوانوں کی شہادتوں پر دل غمزدہ ہے، یہ صرف شہدا کے اہل خانہ کا نہیں، پوری قوم کا غم ہے حالت جنگ ہو یا امن، مسلح افواج کے افسران و جوانوں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہے ہر مشکل اور آزمائش میں افواج پاکستان کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔

شال بقیہ 33

ہے۔ انہوں نے کہا کہ خاران میں عوامی رائے پر پارٹی کو پزیرائی حاصل ہو رہی ہے جو انتہائی مثبت اور حوصلہ افزا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دوست اپنے عوام سے رابطہ میں رہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ بلدیاتی الیکشن میں بھی دوستوں کی کاوشوں سے پارٹی کو عوام نے اچھی خاصی حمایت کی۔ انہوں نے کہا کہ عوام خود اپنی ترقیاتی اسکیمات کی نگہبانی کرے اور ان پر نظر رکھے۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب زدگان کی فنڈ اور سولر ان اصل حق داروں کو ملے کہ واقعی انکا نقصان ہوا ہے اور انکا معیشت غیر جاندار ہو کر اقدامات کرے اور حقیقی متاثرین کو امداد فراہم کرے۔

شال بقیہ 34

دیگر عہدیداروں سے ملاقات کے دوران کیا۔ جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ کا کہنا تھا کہ پاکستان اور جاپان کے مابین دوطرفہ تجارتی تعلقات کو فروغ دینے کے وسیع مواقع موجود ہیں جاپان درآمدات کے ذریعے ا

کرائم برانچ جدید آلات سے آراستہ کرکے منظم کرائم کی بیخ کنی کی جائے گی، عبدالخالق شیخ

پولیس سے متعلقہ تمام شعبوں بشمول کرائم برانچ جرائم کی روک تھام اور انصاف کی بروقت فراہمی کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے

آئی جی پولیس بلوچستان کو کرائم برانچ کے مختلف حصوں اور فرائض کے حوالے سے بریفنگ دی گئی، جبکہ انہیں فزائزک سائنس لیبارٹری کا بھی دورہ کروایا گیا

کوئٹہ (خ ن) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ نے کہا ہے کہ موجودہ دور میں جدید آلات اور مشینری کو بروئے کار لاتے ہوئے جرائم کی بیخ کنی کی جائے گی۔ پولیس سے متعلقہ تمام شعبوں بشمول کرائم برانچ جرائم کی روک تھام اور انصاف کی بروقت فراہمی کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ جبکہ پولیس کو ملنے والی جدید آلات و ہتھیار جرائم کے خاتمے اور بڑھتے ہوئے نئے جرائم کی روک تھام میں معاون ثابت ہونگے ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کے روز کرائم برانچ ہیڈ کوارٹر کے دورے کے موقع پر افسران سے خطاب کے دوران کیا۔ اس موقع پر آئی جی پولیس بلوچستان کو کرائم برانچ کے مختلف حصوں اور فرائض کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ جبکہ انہیں فزائزک سائنس لیبارٹری بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، قائمقام گورنر بلوچستان میر جان محمد جمالی کو خواتین پردہ کلب کی جنرل سیکرٹری بیگم ثریا اللہ الدین پراچہ کلب کی صد سالہ تقریب کے موقع پر شیلڈ پیش کر رہی ہیں

ڈپٹی کمشنر چاغی اور اسسٹنٹ کمشنر تفتان غیر ذمہ دارانہ رویے اور مس کنڈکٹ کی بناء پر معطل

کوئٹہ (این این آئی) ڈپٹی کمشنر چاغی اور اسسٹنٹ کمشنر تفتان کو غیر ذمہ دارانہ رویے اور مس کنڈکٹ کی بناء پر معطل کر دیا گیا۔ چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق گریڈ 18 کے ڈپٹی بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

حکومت 'ژوب میں حالیہ طوفانی بارشوں سے نقصانات کا ازالہ کریں

ژوب (نامہ نگار) حالیہ مون سون کی طوفانی بارشوں سے ژوب کے مختلف علاقوں میں بڑے پیمانے نقصانات ہوئے کھڑے فصلات تباہ رہائشی مکانات منہدم مال میویشی سیلابی پانی بہا کر گئے کئی افراد سیلابی ریلوں میں بہہ کر شہید ہوگئے لیکن تاحال حکومت اور محکمہ پی ڈی ایم اے کی جانب سے سیلاب متاثرین کو صرف سروے کے علاوہ کوئی امداد ری نہیں ہوئی ہے جبکہ بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر لسبیلہ واجہ محمد یوسف بلوچ ایک بہترین اسپورٹس آفیسر ہیں

اوتھل (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر لسبیلہ واجہ محمد یوسف بلوچ کی کاوشوں سے جام محمد یوسف فٹ بال اسٹیڈیم میں حالیہ مون سون بارشوں سے بڑھنے والی گراسی کو لسبیلہ یونیورسٹی کے تعاون سے ٹریکٹر مشین کے ذریعے کٹائی کی جاری ہے عوامی حلقوں نے ڈسٹرکٹ آفیسر لسبیلہ واجہ محمد یوسف بلوچ کے اس اقدام کو سراہا بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

ٹائیفائیڈ سے بچاؤ کا ویکسین مکمل طور پر محفوظ اور انتہائی مفید ہے

ٹائیفائیڈ پر قابو پانے کیلئے ویکسینیشن مہم 3 اکتوبر سے شروع ہوگی، ڈاکٹر کہور بلوچ

واہمدین (این این آئی) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر چاغی ڈاکٹر کہور بلوچ نے کہا ہے کہ ٹائیفائیڈ پر قابو پانے کے لئے ویکسینیشن مہم 3 اکتوبر سے شروع ہوگی، ٹائیفائیڈ کا نو گیٹ ویکسین مہم ضلع چاغی کے تین گنجان آباد یونین کونسلز میں ہوگی جس کے تحت نو ماہ سے پندرہ سال تک کے 21670 بچوں اور بچیوں کو ٹائیفائیڈ سے بچاؤ کے ٹیکے لگائے جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا کے نمائندوں، انجمن تاجران اور مقامی کونسلرز کو بریفنگ میں بتایا۔ اس موقع پر بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

بلاول بھٹو کی سالگرہ کا کیک سیلاب متاثرین بچوں کیساتھ کاٹا گیا

پی پی شعبہ خواتین ضلع وسطی کی صدر نے روزمرہ استعمال کی اشیاء بھی تقسیم کیں

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی شعبہ خواتین ڈسٹرکٹ سینٹرل کی صدر شاہینہ سعیدہ نے موسمیات اور نجل گوٹھ ڈسٹرکٹ ایسٹ کراچی کے مختلف اسکولوں کا دورہ کیا جہاں سندھ سے آئے سیلاب متاثرین کو ٹھہرایا گیا ہے۔ شاہینہ سعیدہ نے چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کا کیک سیلاب متاثرین بچوں کے ساتھ کاٹا جس نے بچوں کے چہروں پر کچھ دیر کے لیے مسکراہٹیں بکھیر دیں اور بعد ازاں روزمرہ استعمال کی اشیاء، صابن، بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران سے اراکین صوبائی اسمبلی بابر خیم میگل اور احمد نواز بلوچ اسمبلی اجلاس میں تبادلہ خیال کر رہے ہیں

بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں سیلاب نے تباہی مچائی ہے، جام کمال خان

نصیر آباد میں 60 فیصد لوگ ملیریا کے شکار ہو چکے ہیں، صوبائی حکومت یو این سمیت دیگر ممالک سے مذاکرات کیلئے اپوزیشن اور حکومت پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دی جائے جو مسلسل وہاں رابطہ میں رہیں

صوبائی حکومت وفاقی حکومت اور پنجاب حکومت سے گندم کیلئے رابطہ کریں، سیلاب نے سب سے زیادہ زمینداروں کو نقصان پہنچایا

کوئٹہ (آن لائن) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر جام کمال خان نے کہا ہے کہ بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں سیلاب نے تباہی مچائی ہے، نصیر آباد میں 60 فیصد لوگ ملیریا کے شکار ہو چکے ہیں، صوبائی حکومت یو این سمیت دیگر ممالک سے مذاکرات کیلئے اپوزیشن اور حکومت پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دی جائے جو مسلسل وہاں رابطہ میں رہیں، صوبائی حکومت وفاقی حکومت اور پنجاب حکومت سے گندم کیلئے رابطہ کریں، سیلاب نے سب سے زیادہ زمینداروں کو نقصان پہنچایا، نومبر میں گندم کی اگائی کا سیزن ہے اس کیلئے محکمہ زراعت اور صوبائی حکومت بیج اور کھاد سبسڈی پر زمینداروں کو فراہم کریں، کیونکہ زمینداروں کو کپاس اور چاول کی فصل مکمل طور پر سیلاب کے نظر ہو چکے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

ایف سی بلوچستان بلوچستان 53 ونگ سوئی رائفلز کی جانب سے سیلاب متاثرین میں راشن تقسیم

ماچھی پور (نامہ نگار) ایف سی بلوچستان بلوچستان 53 ونگ سوئی رائفلز کی جانب سے سیلاب متاثرین کے گوٹھ میں ڈور نو ڈور خشک راشن، مچھر دانیاں، پانی کمبل و دیگر اشیاء کی تقسیم جاری عوامی سیاسی و سماجی شخصیات اور رکن بلوچستان اسمبلی میر سلیم احمد خان کھوسہ نے اسمبلی فلور پر نے ایف سی بلوچستان 53 ونگ کے کام کو سلام پیش کیا جب بھی ملک میں ہنگامی صورتحال آئی تو افواج پاکستان اور ایف سی بلوچستان 53 ونگ نے ہمیشہ غریبوں کی مدد کی جس کا سہرا کرنل عامر شہزاد بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

محلہ بستی خدا بخش کا رہائشی محمد انور آرائیں کا گھر حالیہ طوفانی بارشوں میں منہدم ہو گیا

گنداوا و شہر کا رہائشی ایک انتہائی پسماندہ 6 فیملی ممبران پر مشتمل ایک ایسا خاندان جس کا سربراہ دونوں آنکھوں سے محروم حکومت وقت سمیت انسانیت کی فلاح و بہبود کیلئے کام کرنے والی تنظیموں کو مدد کے لیے پکار رہے ہیں۔ گنداوا و محلہ بستی خدا بخش کا رہائشی دونوں آنکھوں سے نابینا فیملی کا سربراہ محمد انور آرائیں ہے جو عربت کے لکیر سے بہت نیچے زندگی گزار رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق / ضلع جھل مگسی کے ہیڈ کوارٹر شہر گنداوا کے محلہ بستی خدا بخش کا رہائشی محمد انور بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

اساتذہ کی غیر حاضری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، محمد رفیق بلوچ

اپنے مستقبل کے معماروں کو بہتر سے بہتر تعلیم دینا اولین ترجیح ہے

لسبیلہ میں تعلیمی بہتری کے لیے تمام تر دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں

اوتھل (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لسبیلہ محمد رفیق بلوچ کا کہنا ہے کہ لسبیلہ میں تعلیمی بہتری کے لیے تمام تر دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، اساتذہ کی غیر حاضری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، ضلع کے تمام اسکولوں سے منسلکیوں کے خاتمہ پر عملدرآمد کے لیے ضلع کے تعلیمی افسران کو مراسلہ جاری کر دیا گیا ہے، ضلع کے تمام تعلیمی افسران اسکولوں کا وزٹ یقینی بنائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں منعقدہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

ژوب، کمشنر ژوب ڈویژن سعید احمد غرانی بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

ضلع بھر میں لوگوں کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں، عزت نزیر بلوچ

ڈپٹی کمشنر گوادر کی آبنوشی کے منصوبوں کو فوری طور پر بحالی کیلئے پی سی ون تیار کرنے کی ہدایت

گوادر (این این آئی) ڈپٹی کمشنر گوادر عزت نزیر بلوچ نے کہا ہے کہ ضلع بھر میں لوگوں کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے لئے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں لوگوں کو صاف پانی کی فراہمی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ گوادر میں ایک بریفنگ میں شرکت کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایکسین پبلک بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

سی پی این ای آئینی اصلاحات کمیٹی کے قیام کا اعلان

اعجاز الحق کمیٹی کے چیئرمین جبکہ ارشاد احمد عارف ڈپٹی چیئرمین مقرر

کراچی (پ ر) کونسل آف پاکستان نیوز پیپر ایڈیٹرز (سی پی این ای) کے صدر کاظم خان نے سی پی این ای کی آئینی اصلاحات کمیٹی کے قیام کا اعلان کر دیا ہے۔ سی پی این ای کے سیکریٹری جنرل عامر محمود کے جاری کردہ ایک اعلامیہ کے مطابق آئینی اصلاحات کمیٹی کے مقاصد میں سی پی این ای کے آئین میں ضروری اصلاحات تجویز کرنا ہے۔ کمیٹی اپنی سفارشات اور سی پی این ای بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

سی، پاکستان یوتھ پیس موومنٹ کے ضلعی صدر دیگر عہدیدار میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

بلوچستان اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے تعلیم کا اجلاس،

کیڈٹ کالجز مسودہ قانون 2022 کا جائزہ لیا گیا

کیڈٹ کالجز مسودہ قانون میں مزید ترمیم کی جائیگی، قائمہ کمیٹی برائے تعلیم

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے تعلیم کا اجلاس چیئرمین عبدالواحد صدیقی کی زیر صدارت ہوا جس میں اراکین اسمبلی بشریٰ رند، نصر اللہ زیرے، شکیلہ نوید دہوار، زینت شاہوانی نے شرکت کی۔ اجلاس میں کیڈٹ کالجز مسودہ قانون 2022 کا جائزہ لیا گیا۔ کمیٹی نے یہ فیصلہ کیا کہ قانون میں مزید ترامیم کی ضرورت ہے جن کا جائزہ لینے کے لئے کمیٹی کی ایک اور نشست رکھی جائیگی جس میں قانون کو حتمی شکل دیتے ہوئے منظوری کے لئے ایوان میں پیش کیا جائیگا۔

بلوچستان میں ملازمین کے یتیم بچوں و بیواؤں کے حقوق کا تحفظ ہر دور میں کیا، بلوچستان لیبر فیڈریشن

پی ڈبلیو ڈی ایمپلائز یونین بلوچستان کی آئینی پٹیشن پر سپریم کورٹ کا فیصلہ خوش آئند ہے، مزدور رہنماء

کوئٹہ (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان کی جانب سے پی ڈبلیو ڈی ایمپلائز یونین بلوچستان کے صدر کی 2016 میں دائر کی گئی آئینی پٹیشن پر صوبے میں دوران ڈیوٹی فوت ہونیوالے ملازمین اور درجہ چہارم مزدوروں کے حقیقی ورثاء کی بھرتی کیلئے حکم جاری ہونے کی خوشی میں یونین آفس میں اجلاس زیر صدارت صدر بلوچستان لیبر فیڈریشن خان زمان منعقد ہوا۔ اجلاس سے قبل بلوچستان لیبر فیڈریشن کے رہنماؤں حاجی بشیر احمد خان زمان عبدالمعروف آزاد عابد بٹ بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

خدمت خلق اللہ کا حکم، سنت رسولؐ اور عین عبادت ہے، مولانا سید محمد عبدالخبیر آزاد

سیلاب متاثرین کی مدد پر پاک فوج اور دیگر ادارے خراج تحسین کے لائق ہیں

کوئٹہ (این این آئی) مولانا سید محمد عبدالخبیر آزاد خطیب و امام بادشاہی مسجد لاہور چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی پاکستان چیئرمین الشیخ آزاد ویلفیئر فاؤنڈیشن نے کوئٹہ میں اپنے ایک بیان میں کہا کہ آج پاکستان جن تکالیف اور سیلابی صورت حال سے گزر رہا ہے اس موقع پر پوری قوم کو چاہیے کہ دل کھول کر متاثرین سیلاب کی مدد کریں، چارسدہ، جنوبی پنجاب، راجن پور، رحمان کے بعد میں قلعہ سیف اللہ، چمن اور کوئٹہ میں الشیخ آزاد ویلفیئر فاؤنڈیشن کی بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

ژوب کے سیلاب زدگان کو تاحال کوئی امداد نہیں ملے ہیں، عوامی حلقے

امدادی سامان سیلاب متاثرین کے بجائے بااثر افسران کے گھریلوں استعمال میں لائے جا رہے ہیں

ژوب (این این آئی) حالیہ مون سون کی طوفانی بارشوں سے ژوب کے مختلف علاقوں میں بڑے پیمانے نقصانات ہوئے کھڑے فصلات تباہ رہائشی مکانات منہدم مال میویشی سیلابی پانی بہا کر گئے، کئی افراد سیلابی ریلوں میں بہہ کر شہید ہوگئے لیکن تاحال حکومت اور محکمہ پی ڈی ایم اے کی جانب سے سیلاب متاثرین کو صرف سروے کے علاوہ کوئی امداد ری نہیں ہوئی ہے جبکہ پاکستان کو بین الاقوامی سطح پر کروڑوں ڈالر اور امدادی سامان پہنچ چکے اور مزید امدادی سامان پہنچ رہے بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

ڈراک شیشے گاڑیوں کے خلاف بھی کارروائی کی جائے گی، اسسٹنٹ کمشنر ماشکیل

کسی بھی گاڑی میں اسلحہ چاقو ہوا تو ان کے خلاف بھی سخت کارروائی کی جائے گی

ماشکیل (این این آئی) اسسٹنٹ کمشنر ماشکیل زائد حسین شاہوانی کی خصوصی ہدایت پر ماشکیل میں امن و امان اور دیگر جرائم کو کنٹرول کرنے کے حوالے سے ماشکیل میں لیویز اور پولیس کا مشترکہ گشت جاری مختلف ایریا میں لیویز اور پولیس نے ناکہ بندی کی اور مشترکہ گشت نے گاڑیوں کی چیکنگ کی امن و امان کی بحالی چوری ڈکیتی اور دیگر جرائم کو کنٹرول کرنے کے لئے مشترکہ گشت جاری رہے گی۔ ڈراک شیشے گاڑیوں کے خلاف بھی کارروائی کی جائے گی، لیویز اور بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

کچھی کے تمام شہری و دیہی علاقوں میں محکمہ صحت متاثرین کو دہلیز پر صحت کی سہولیات فراہم کر رہی ہے

بلیک میلر صحافی کے تمام تر آڈیو اور ویڈیو بطور ثبوت موجود ہیں، ڈاکٹر لیاقت علی رند

بولان (این این آئی) ڈی ایچ او کچھی ڈاکٹر لیاقت علی رند نے کہا ہے کہ سیلاب زدہ ضلع کچھی کے تمام شہری و دیہی علاقوں میں محکمہ صحت دن رات متاثرین کو انکی دہلیز پر صحت کی سہولیات فراہم کر رہی ہے ضلعی انتظامیہ کچھی کی جانب سے قائم کئے گئے خیمہ بستیوں میں بھی محکمہ صحت اور پی پی ایچ آئی کچھی کی میڈیکل ٹیمیں اور پیرا میڈیکس دن و رات کے فرق کو بالائے طاق رکھتے ہوئے انسانی جذبے کے تحت متاثرین کو صحت کی سہولیات کی فراہمی میں کامیابی سے ہمکنار ہیں، بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

موسیٰ خیل، حکومت زمینداروں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کر رہی ہے، یاسر اقبال دشتی

زراعت معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، ڈپٹی کمشنر

حکومت زمینداروں کو اربوں روپے کی سبسڈی دے رہی ہے

موسیٰ خیل (خ ن) ڈپٹی کمشنر یاسر اقبال دشتی نے کہا ہے کہ حکومت زمینداروں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کر رہی ہے گرین ٹریکٹر سکیم ایک کامیاب اور مقبول پروگرام ہیں کیونکہ اس میں سفارش کلچر نہیں ہے جس کا بھی نام نکل آیا اسے ٹریکٹر ملے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے قرعہ اندازہ میں نکلنے والے زمینداروں میں گرین ٹریکٹر سکیم کے تحت ٹریکٹرز کی چابیاں تقسیم کرنے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ زراعت معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے حکومت زمینداروں کو اربوں روپے کی سبسڈی دے رہی ہے حال ہی میں صوبائی حکومت نے زمینداروں کو 15 ارب دینے کا اعلان کیا اور ساتھ انھیں آسان قرضے، ٹریکٹرز اور بیج و کھاد بھی دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ سیلابوں اور بارشوں میں سب سے بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

فرقہ واریت پھیلانے والوں کیخلاف ہر سطح پر محاسبہ کیا جائے گا، متحدہ علماء محاذ

شیخ الحدیث مفتی محمد داؤد اور ان کے ادارے کے خلاف کسی بھی قسم کی سازشوں کو برداشت نہیں کیا جائے گا، علماء مشائخ کا خطاب

کراچی (این این آئی) متحدہ علماء محاذ کراچی کے صدر انسداد شیعیت مرکز جامع مسجد زکریا کاندھلوی مدرسہ اسلامیہ شیخ العلوم کے بانی سربراہ شیخ الحدیث مولانا مفتی محمد داؤد کی جانب سے متحدہ علماء محاذ کے اعزاز میں دیئے گئے پرتکلف ظہرانے میں شریک مختلف مکاتب فکر کے علماء مشائخ و ممتاز شخصیات نے ظہرانے سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ مذہب و مسلک کے نام پر فرقہ واریت، مذہبی منافرت، انتشار و افتراق پھیلانے والوں کے خلاف ہر سطح پر محاسبہ کیا جائے گا۔ فرقہ واریت پھیلانے والے اسلام، پاکستان کے دشمن اور امریکہ، اسرائیل، بھارت بقیہ نمبر 68 صفحہ 3 پر

(ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفس) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کے دفتر سے جاری ہونے والا اعلامیہ

کوئٹہ (خ ن) (ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفس) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کے دفتر سے جاری ہونے والے ایک اعلامیہ کے مطابق ضلع کوئٹہ اور کینٹ ایریا میں روٹی / نان کی قیمت اور وزن کا تعین کر دیا گیا ہے جس کے مطابق 300 گرام روٹی / نان کی قیمت 30 روپے اور 200 گرام روٹی / نان کی قیمت 20 روپے مقرر بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر

سی پی این ای آئینی اصلاحات کمیٹی کے قیام کا اعلان

اعجاز الحق کمیٹی کے چیئرمین جبکہ ارشاد احمد عارف ڈپٹی چیئرمین مقرر

کراچی (پ ر) کونسل آف پاکستان نیوز پیپر ایڈیٹرز (سی پی این ای) کے صدر کاظم خان نے سی پی این ای کی آئینی اصلاحات کمیٹی کے قیام کا اعلان کر دیا ہے۔ سی پی این ای کے سیکریٹری جنرل عامر محمود کے جاری کردہ ایک اعلامیہ کے مطابق آئینی اصلاحات کمیٹی کے مقاصد میں سی پی این ای کے آئین میں ضروری اصلاحات تجویز کرنا ہے۔ کمیٹی اپنی سفارشات اور سی پی این ای بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

کوئی دشمن پاکستان کو میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا، سردار یعقوب خان ناصر

فوج قوم اور ملک کے تحفظ اور دفاع کے خاطر قربانیاں اور شہادتیں دے رہے ہیں جس پر پوری قوم کو فخر ہے

آج اگر پاکستان محفوظ پرامن اور ہر دشمن کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے وہ صرف فوج کی طاقت سے ممکن ہے

لورالائی (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر نائب صدر سابق وفاقی وزیر ریلوے سردار محمد یعقوب خان ناصر نے ہرنائی میں پاک فوج کے ہیلی کاپٹر حادثے میں دو میجرز سمیت چھ اہلکاروں کی شہادت پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ فوج قوم اور ملک کے تحفظ اور دفاع کے خاطر قربانیاں اور شہادتیں دے رہے ہیں جس پر پوری قوم کو فخر ہے آج اگر پاکستان محفوظ پرامن اور ہر دشمن کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے وہ صرف فوج کی طاقت سے ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہیلی کاپٹر حادثات اگرچہ قدرت کے جانب سے اور فنی خرابی کے وجہ سے ہوتے ہیں لیکن ہمارے ان فضائی حادثات میں اہم قومی اثاثوں کا جانی نقصان ہو رہا ہے جسکی کوئی تلافی ممکن نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک دشمن بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

ڈپٹی کمشنر چمن عبدالحمید زہری انسداد پولیو مہم کے حوالے سے منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

برقی لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی، کیسکو

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق چمن میں این ایل سی کے لئے نئے فیڈر کی تنصیب کے سلسلے میں ترقیاتی کام کیا جا رہا ہے اس سلسلے میں 28 ستمبر سے 25 اکتوبر تک بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

صاحبزادہ بلال عمر ڈی آئی جی ٹیلی کمیونی کیشن بلوچستان تعینات

کوئٹہ (این این آئی) صاحبزادہ بلال عمر کو ڈی آئی جی ٹیلی کمیونی کیشن بلوچستان تعینات کر دیا گیا۔ انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق صاحبزادہ بلال عمر کا تبادلہ کر کے انہیں ڈی آئی جی ٹیلی کمیونی کیشن بلوچستان جبکہ محمد سلیم لہڑی کو ڈی آئی جی پولیس لورالائی رینج اور ڈی آئی جی پولیس ژوب رینج کا اضافہ چارج دے دیا گیا۔

الخدمت فاؤنڈیشن سیلاب اور بارش متاثرین کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑے گی، بشیر احمد ماندائی

نصیر آباد (نامہ نگار) الخدمت فاؤنڈیشن نصیر آباد کے زیر اہتمام بشیر احمد ماندائی، علی احمد ماندائی کی زیر نگرانی مانجھوئی (جھڈیر) کے گوٹھ فتح محمد عمرانی میں سیلاب و بارش متاثرہ گوٹھ جاگن خان عمرانی، قاسم عمرانی، نواز بھنگر، کرم خان ساسولی، محمد ابراہیم کھوسہ، مگن شالوانی، جمالدین بلغدار، ورک گبی کے 100 سیلاب متاثرین میں راشن، برتن، باکھین کٹس بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

پاک فوج نے ملک کیلئے لازوال قربانیاں دی ہیں جس کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، محمد پناہ چانڈیو

فوری طور پر اوستہ محمد شہر کو متاثرین سروے میں شامل کر کے شہریوں کو ریلیف دیا جائے

اوستہ محمد (این این آئی) متحدہ لیبر فیڈریشن ضلع جعفر آباد کے صدر محمد پناہ چانڈیو کی قیادت میں پھلجی پل سے پاک فوج کے حق میں اور ضلعی انتظامیہ جعفر آباد کی جانب سے حالیہ بارشوں میں اوستہ محمد شہر کو سروے میں عمل نذر انداز کرنے کے خلاف ایک احتجاج ریلی نکالی گئی۔ ریلی میں گھنٹہ گھر سے ہوتی ہوئی یو پی ایل چوک پر جلسے کی شکل اختیار کر گئی۔ اس موقع پر ریلی سے خطاب کرتے ہوئے محمد پناہ چانڈیو، استاد محمد رمضان ہبر، عبدالخالق بنگلوئی، ممتاز علی کلاچی نے خطاب بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

ژوب، عوام عرصہ 70 سالوں سے زندگی کی بنیادی سہولیات سے محروم رکھا گیا ہے

ملک میں ترقی و خوشحالی میں میڈیا کا مثبت کردار رہا ہے' حاجی علاؤ ایدین مندوخیل

ژوب (این این آئی) پریس کلب ژوب کے وفد سینئر صحافی اختر گل مندوخیل، ذاکر افران خان، نیئر ندیم، رفیق قیصرانی نے خدائی خدمتگار حاجی علاؤ ایدین مندوخیل سے ملاقات، سیاسی صورتحال پر خصوصی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر خدائی خدمتگار حاجی علاؤ ایدین مندوخیل نے کہا کہ ژوب میں عوام عرصہ 70 سالوں سے زندگی کی بنیادی سہولیات سے محروم رکھا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ژوب عوام کو درپیش مسائل اور ژوب میں صحت تعلیم کو درست سمت لانے میں بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

چمن، کوئٹہ ریلوے کالونی میں گزشتہ فائرنگ سے جاں بحق 3 بھائیوں کی نماز جنازہ آبائی گاؤں میں ادا کیا جا رہا ہے

اسحاق ڈار کی واپسی عمران خان کے منہ پر تھپڑ ہے، وزیر اطلاعات

اسحاق ڈار کی واپسی پر ایک فارن ایجنٹ، ہیروں اور گھڑیوں کے سوداگر، آٹا اور چینی چور کا رونا بنتا ہے، روئیں، چیخیں یا چیئیں اسحاق ڈار وطن واپس آچکے ہیں

اسحاق ڈار کا واپس آنا عمران خان جیسے جھوٹے اور فسطائی شخص کے منہ پر زناٹے دار تھپڑ ہے جس کی گونج میں ہر روز اضافہ ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ اسحاق ڈار کی واپسی عمران خان کے منہ پر تھپڑ ہے جس کی گونج میں ہر روز اضافہ ہوگا۔ وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے اسحاق ڈار کی واپسی سے متعلق پی ٹی آئی رہنما فواد چوہدری کے بیان پر ردعمل میں کہا کہ اسحاق ڈار کی واپسی پر ایک فارن ایجنٹ، ہیروں اور گھڑیوں کے سوداگر، آٹا اور چینی چور کا رونا بنتا ہے، روئیں، چیخیں یا چیئیں اسحاق ڈار وطن واپس آچکے ہیں الحمدللہ۔ انہوں نے کہا کہ اسحاق ڈار کا واپس آنا عمران خان جیسے جھوٹے اور فسطائی شخص کے منہ پر زناٹے دار تھپڑ ہے جس کی گونج میں ہر روز اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اسحاق ڈار صاحب کسی عدالت سے سزا یافتہ نہیں وہ جلد سینیٹر کا حلف اٹھائیں گے۔

چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اختر حسین لانگو بورڈ آف ریونیو، پی ڈی ایم اے اور محکمہ صحت کے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بنوریہ ویلفیئر ٹرسٹ کے تحت سیلاب متاثرین کے گھروں اور مساجد کی بحالی کا آغاز

جامعہ بنوریہ کے مہتمم مولانا نعمان نعیم کا ہنگامی دورہ، پنجاب میں 70 گھروں کی تعمیر کا افتتاح

کراچی (این این آئی) معروف فلاحی ادارے بنوریہ ویلفیئر ٹرسٹ کی ملک بھر میں سیلاب متاثرین کیلئے بحالی آپریشن جاری، پنجاب جلو والی میں سیلاب متاثرین کے 70 گھروں کی تعمیر و مرمت کا افتتاح، اندرون سندھ میں شہید مساجد اور مکاتب کی جگہ بڑے پیمانے پر عارضی خیمے مصلے و مکاتب قائم کیے گئے ہیں، جامعہ بنوریہ عالمیہ کے مہتمم مولانا نعمان نعیم کا تونسہ کی بستی جلو والی اور سوات کا ہنگامی دورہ بنوریہ ویلفیئر ٹرسٹ کے ریلیف آپریشن کا جائزہ، بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر

آزاد کشمیر سیاحوں کے لیے کسی جنت سے کم خطہ نہیں ہے، تہذیب النساء

حکومت آزاد کشمیر سیاحت کے شعبہ کی ترقی کے لیے بھرپور اقدامات اٹھا رہی ہے

اسلام آباد (این این آئی) آزاد کشمیر کی ڈائریکٹر جنرل سیاحت تہذیب النساء نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر سیاحوں کے لیے کسی جنت سے کم خطہ نہیں ہے، حکومت آزاد کشمیر سیاحت کے شعبہ کی ترقی کے لیے بھرپور اقدامات اٹھا رہی ہے، آنے والے دنوں میں مزید سیاحتی مقامات کو ایکسپلور کیا ج